صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

E-mail:info@tijaratnews.tv
Cell: 0313-1176161

چیف ایڈیٹر: بسّید وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد 25 | شمارہ: 50 | 08 تا 14 دسمبر 2025ء | صفحات: 4 | قیمت: 15

وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر سے بائنانس کے وفد کی ملاقات

پاکستان کیلئے محفوظ، منظم اور جدت پر مبنی ڈیجیٹل اثاثہ ایکوسسٹم کے قیام کے آئندہ اقدامات کا جائزہ لیا گیا، آن اور آف ریمپ انفرااسٹرکچر کے ذمہ دارانہ نفاذ، بہتر تعمیل کے معیار، مارکیٹ کی شفافیت میں اضافہ کے مضبوط انضمام پر زور دیا گیا ہے

پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کا استعمال ایک ناقابلِ واپسی عالمی رجحان کی عکاسی کرتا ہے اور شہریوں کے تحت موجود ریگولیٹڈ چینلز کے ذریعے اثاثوں کو رسمی نگرانی کے ڈھانچوں میں لانے کے معاشی مواقع کو اجاگر کرتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی حکومت نے بائنانس کے وفد کے ساتھ ملاقات میں ڈیجیٹل اثاثوں کی ریگولیشن کے لیے مضبوط عزم کا اظہار کیا ہے۔ بائنانس کی سینئر قیادت بشمول عالمی سی ای او اور چیف ڈینگ، اعلیٰ سطح کے مذاکرات کے لیے اسلام آباد پہنچے ہیں۔ ملاقات میں وزیراعظم شہباز شریف اور چیف آف آرمی اسٹاف (سی او اے ایس) اور چیف آف ڈیفنس فورسز (سی ڈی ایف) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر بھی شریک ہوئے۔ وزیراعظم کے دفتر سے جاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی (پی وی اے آر اے) کے چیئرمین بلال بن ثاقب بھی اس ملاقات میں شریک ہوئے اور اپنی تنظیم کے بارے میں بریفنگ دی۔ یہ پیش رفت فنانس ڈویژن میں ایک اعلیٰ سطح کے اس مشاورتی اجلاس کے انعقاد کے بعد سامنے آئی ہے، جس کی مشترکہ صدارت وزیرِ خزانہ محمد اورنگزیب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

حالیہ موسمی خطرات جی ڈی پی کی شرح نمو میں کمی کا خدشہ

پاکستان کا پائیداری ایجنڈا، ماحولیاتی مالیات کے وعدے اور گرین اقتصادی اقدامات آئی ایف اے سی کے صدر کے اٹھائے گئے امور کے ساتھ ہم آہنگ ہیں

جین بوکوٹ نے وزیرِ خزانہ کو آئی ایف اے سی کے مشن کے بارے میں بریف کیا جس کا مقصد اکاؤنٹنگ کے شعبے کی عالمی آواز بننا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حالیہ موسمیاتی خطرات بشمول وسیع پیمانے پر سیلاب، پاکستان کی جی ڈی پی کی شرح نمو کو تقریباً 0.5 فیصد کم کر سکتے ہیں جو شدید موسمی واقعات کے سامنے معیشت کی نازک صورتحال کو اجاگر کرتا ہے۔ محمد اورنگزیب نے یہ بھی واضح کیا کہ موسمیاتی تبدیلی پاکستان کے لیے ایک فوری اقتصادی حقیقت ہے اور حکومت پائیدار مالیات کو فروغ دینے، گرین ٹیکسونومی کے نفاذ، اور ماحولیاتی ہم آہنگ انکشاف کے فریم ورک کے نفاذ کے لیے پرعزم ہے۔ یہ باتیں وزیر خزانہ نے فنانس ڈویژن میں بین الاقوامی فیڈریشن آف اکاؤنٹنٹس (آئی ایف اے سی) کے صدر جین کی بوکوٹ کی قیادت میں آنے والے وفد سے ملاقات کے دوران کہیں جس میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

نئی دہلی: بھارتی وزیراعظم نریندر مودی روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کا استقبال کر رہے ہیں

پاک کرغیزستان 200 ملین ڈالر تک بڑھانے کا ہدف مقرر

دوطرفہ تجارت

یہ اعلان وزیراعظم شہباز شریف اور کرغیزستان کے صدر سادر ژاپاروف کے درمیان اعلیٰ سطحی مذاکرات کے بعد سامنے آیا

اجلاس میں پاکستان اور کرغیزستان کے اعلیٰ حکام، جن میں وزیرِ خارجہ اسحاق ڈار اور چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر بھی شامل تھے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور کرغیزستان نے دوطرفہ تجارت کو 2027-28 تک 200 ملین ڈالر تک بڑھانے کا ہدف مقرر کر دیا ہے، جو متعدد اہم شعبوں میں تعلقات مضبوط بنانے کی مسلسل کوششوں میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ یہ اعلان وزیراعظم شہباز شریف اور کرغیزستان کے صدر سادر ژاپاروف کے درمیان اعلیٰ سطحی مذاکرات کے بعد سامنے آیا، جس میں دونوں رہنماؤں نے تجارت، توانائی، علاقائی روابط اور سکیورٹی سمیت کلیدی شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ اجلاس میں پاکستان اور کرغیزستان کے اعلیٰ حکام، جن میں وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر بھی شامل تھے، نے اقتصادی تعاون کو فروغ دینے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

روس اور بھارت کا باہمی تجارت 100 ارب ڈالر تک لے جانے کا فیصلہ

صدر پیوٹن نے روس، بھارت سالانہ اجلاس میں شرکت کی، جسے خطے میں دونوں ممالک کی بڑھتی ہوئی قربتوں کے تناظر میں اہم قرار دیا جا رہا ہے، دورے کے آغاز پر بھارتی اور روسی وفود کے درمیان دوطرفہ مذاکرات ہوئے

مودی نے روسی شہریوں کیلئے 30 روزہ مفت ای ٹورسٹ ویزہ اور 30 روزہ گروپ ٹورسٹ ویزہ کا اعلان کیا، دونوں رہنماں نے 2030 تک دوطرفہ اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری بڑھانے کے لیے طویل المدتی فریم ورک پر بھی اتفاق کیا

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی انتباہ کے باوجود بھارت اور روس نے اپنی اسٹریٹیجک قربت مزید واضح کر دی۔ نئی دہلی میں ملاقات کے دوران صدر پیوٹن نے دوطرفہ تجارت 100 ارب ڈالر تک بڑھانے اور بھارت میں سب سے بڑے ایٹمی پاور پلانٹ کے آغاز کا اعلان کیا، جبکہ دونوں ممالک نے نئی ویزہ سہولتوں اور 2030 تک معاشی تعاون میں اضافے پر اتفاق کیا۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق روسی صدر ولادیمیر پیوٹن دوروزہ سرکاری دورے پر بھارت پہنچے، جہاں نئی دہلی ایئرپورٹ پر وزیراعظم نریندر مودی نے ان کا استقبال کیا۔ صدر پیوٹن نے روس، بھارت سالانہ اجلاس میں شرکت کی، جسے خطے میں دونوں ممالک کی بڑھتی ہوئی قربتوں کے تناظر میں اہم قرار دیا جا رہا ہے۔ دورے کے آغاز (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

پاک افغان کشیدگی: پاکستانی کینو کے برآمد کنندگان بری طرح متاثر

سیکڑوں ڈرائیور بغیر خوراک، پناہ گاہ یا ضروری امداد کے سرحدی مقامات پر محصور ہو چکے ہیں

کینو کے برآمد کنندگان اب کسی قابلِ عمل ادائیگی کے طریقہ کار کے بغیر رہ گئے ہیں

کینو کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک افغان کشیدگی، سرحدوں کی بندش سے افغانستان میں پھنسے ہوئے پاکستانی ٹرک ڈرائیورز پر تشدد حملوں کی وجہ سے عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ پاکستان افغانستان جوائنٹ چیمبر آف کامرس کے صدر جنید ماکڈا نے ایکسپریس کو بتایا کہ دونوں ممالک کے درمیان کشیدہ صورتحال سے پاکستانی کینو کے برآمد کنندگان، ٹرانسپورٹ اور لاجسٹک آپریٹرز بری طرح (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

ایئر انڈیا طیارہ 'جان بوجھ کر' گرایا گیا، دی ٹیلی گراف کی رپورٹ میں بڑے انکشافات

بلیک باکس ڈیٹا میں یہ بھی ظاہر ہوا کہ کاک پٹ میں موجود کسی فرد نے انجن کا فیول سپلائی سسٹم خود بند کیا تھا، دی ٹیلی گراف

امریکی تفتیشی ٹیم کو حادثے کے ملبے کی تصاویر لینے سے روک گیا اور کچھ شواہد ان کے پہنچنے سے پہلے ہی غائب کیے گئے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی تحقیقاتی اداروں اور سابق سی آئی اے اہلکاروں نے الزام عائد کیا ہے کہ بھارت نے ایئر انڈیا کے احمد آباد طیارہ حادثے کی تحقیقات میں تعاون نہیں کیا اور متعدد اہم شواہد تک رسائی دینے سے انکار کر دیا۔ 12 جون 2025 کے اس حادثے میں 260 افراد ہلاک ہوئے تھے۔ امریکی صحافی اور سابق سی آئی اے اہلکار سارہ ایڈمز کے مطابق امریکی تفتیشی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

پاکستان، مصر نے دوطرفہ معاشی شراکت کو مضبوط بنانے کے لیے اہم اقدامات کا اعلان کیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور مصر نے دوطرفہ معاشی شراکت کو مضبوط بنانے کے لیے اہم اقدامات کا اعلان کیا ہے، جن کے تحت پاکستان، مصر کو 250 نمایاں پاکستانی بزنس ہاؤسز کی فہرست فراہم کرے گا تاکہ نجی شعبوں کے مابین مؤثر تعاون اور تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ کیا جا سکے۔ یہ بات ڈپٹی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر
یوٹیوب پر جا کر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں
اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں
SUBSCRIBE NOW
TIJARAT NEWS
YouTube
info@tijaratnews.tv 0313-1176161

جوڑیا بازار میں کسٹم کے چھاپے تاجر رہنما نے تمام الزامات مسترد کر دیے

حالیہ کارروائیوں میں امپورٹ کردہ چھالیہ اور سگریٹیں بھی ضبط کی گئیں ہیں، جن کی گڈ ڈکلیشنز اور تمام ضروری دستاویزات موجود ہیں، تاجر رہنما اقبال بھائی

تمام زمینی حقائق میرے علم میں ہیں کہ بھاری رشوت کے عوض ان مخصوص راستوں کے ذریعے کس طرح اسمگل شدہ اشیاء کو پاکستان کی مختلف مارکیٹوں تک پہنچایا جا رہا ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان رینجرز (سندھ) اور کسٹم انفورسمنٹ نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے جوڑیا بازار سے بھاری مقدار میں اسمگل شدہ چھالیہ اور سگریٹ برآمد کر لیے۔ برآمد شدہ چھالیہ اور سگریٹ کو گوداموں اور دوکانوں میں چھپایا گیا تھا۔ پاکستان رینجرز سندھ کی جانب سے اسکیلنگ کے مکمل خاتمے تک آپریشن کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ برآمد شدہ اشیاء کو 3 مزادا ٹروں اور شہزور کے ذریعے مزید قانونی کارروائی کے لیے کسٹم حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب اس حوالے سے موقف لینے کے لیے رابطہ کرنے تاجر رہنما اقبال بھائی نے تجارت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

مکمل سفری دستاویزات رکھنے والے کسی مسافر کو نہیں روکا جا رہا

محسن نقوی

انہوں نے لاہور ائرپورٹ کا دورہ کیا تاکہ مسافروں کی امیگریشن کے عمل اور فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) کی کارکردگی کا جائزہ لیا جا سکے

FIA نے سوشل میڈیا کے دعووں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ پوسٹ من گھڑت اور گمراہ کن ہیں اور عوام میں بلاوجہ تشویش پیدا کرنے کے لیے تیار کی گئی ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی نے کہا کہ مکمل سفری دستاویزات رکھنے والے کسی بھی مسافر کو سفر سے روکا نہیں جا رہا اور نہ ہی مستقبل میں روکا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے ایئرپورٹ پر مسافروں کو اتارنے یا امیگریشن میں مشکلات کے حوالے سے رپورٹس کو مسترد کر دیا۔ وزارت داخلہ کے بیان کے مطابق انہوں نے لاہور ائرپورٹ کا دورہ کیا تاکہ مسافروں کی امیگریشن کے عمل اور فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) کی کارکردگی کا جائزہ لیا جا سکے۔ وزارت داخلہ کے مطابق محسن نقوی نے خبردار کیا کہ نامکمل یا جعلی دستاویزات رکھنے والے مسافروں کو بالکل بھی سفر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

سونے کی قیمت میں تین روز کمی کے بعد 3 ہزار روپے کا اضافہ

عالمی مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 30 ڈالر کے اضافے سے 4 ہزار 221 ڈالر کی سطح پر آ گئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمتوں میں تین روز مسلسل کمی کے بعد پھر اضافہ ہو گیا۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 30 ڈالر کے اضافے سے 4 ہزار 221 ڈالر کی سطح پر آ گئی۔ عالمی مارکیٹ میں اضافے سے مقامی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں مزید اضافہ

کمرشل بینکوں کے پاس 5 ارب ایک کروڑ 37 لاکھ ڈالر کے ذخائر موجود ہیں، اسٹیٹ بینک

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے کہا ہے کہ زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں گزشتہ ہفتے کے دوران ایک کروڑ 40 لاکھ ڈالر کا اضافہ ہوا ہے۔ اسٹیٹ بینک کے اعداد و شمار کے مطابق زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر 14 ارب 57 کروڑ 48 لاکھ ڈالر کی سطح پر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

ملک میں کاروں کی درآمدات میں 30.78 فیصد اضافہ

جولائی تا اکتوبر درآمدات کی مالیت 113 ملین ڈالر تک پہنچ گئی، گزشتہ مالی سال اسی عرصے میں یہ مالیت 86.4 ملین ڈالر تھی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) رواں مالی سال 2025-26ء کے پہلے 4 ماہ کے دوران ملک میں کاروں کی درآمدات میں 30.78 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اس حوالے سے پاکستان بیورو آف شماریات (پی بی ایس) کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال جولائی تا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

پی ٹی اے کا بیرون ملک سے لائے گئے موبائل فون پر نان فنڈ ٹیکسز کم کرنے کا مشورہ

موبائل فون جتنا پرانا ہو ٹیکس اتنا کم ہونا چاہیے، ہم تو چاہتے ہیں ٹیکسز کم ہوں، چیئرمین پی ٹی اے کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے چیئرمین میجر جنرل (ر) حفیظ الرحمان نے امپورٹڈ موبائل فونز پر نان فنڈ ٹیکسز کم کرنے کا مشورہ دے دیا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس چیئرمین سید نوید قمر کی زیر صدارت ہوا جس میں موبائل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ ملاقات کر رہی ہیں

پنجاب کے ٹرانسپورٹرز کا پہیہ جام ہڑتال کا اعلان

ٹریفک آرڈیننس 2025 ہم پر مسلط کیا گیا، کسی ٹرانسپورٹرز سے بھی مشاورت نہیں کی گئی، ڈرائیورز کی تذلیل کی جا رہی ہے، گاڑیاں بند کی جا رہی ہیں

ہمارے کاروبار تباہ ہو رہے ہیں، ہم کیسے اس نظام کے ساتھ چلیں، ٹریفک پولیس پیٹرولنگ اور تھانہ پولیس کی جانب سے چالان ٹارگٹ کو ختم کیا جائے

لاہور (کامرس رپورٹر) پنجاب کے ٹرانسپورٹرز نے 8 دسمبر (آج) سے صوبہ بھر میں پہیہ جام ہڑتال کا اعلان کر دیا۔ صدر پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن نبیل طارق نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ مطالبات کی منظوری کے لئے حکومت کو 4 روز کا وقت دے رہے ہیں، مطالبات نہ مانے گئے تو سڑکوں پر نکلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک آرڈیننس 2025 ہم پر مسلط کیا گیا، کسی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

وزیراعظم شہباز شریف اور کرغز صدر ژاپاروف معاہدوں کی دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں

غیر قانونی امیگریشن: ایف آئی اے مدد لینے کا فیصلہ

اسلام آباد میں جنوری سے پائلٹ پروجیکٹ کے طور پر اے آئی پر مبنی ایپلیکیشن لانچ کی جائے گی

ایپ کے ذریعے حکام پہلے سے معلوم کر سکیں گے کہ کون سے مسافر سفر کے اہل ہیں اور کون نہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے غیر قانونی امیگریشن پر قابو پانے کے لیے اسلام آباد میں جنوری سے پائلٹ پروجیکٹ کے طور پر اے آئی پر مبنی ایپلیکیشن لانچ کی جائے گی۔ یہ فیصلہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز چوہدری سالک حسین کی زیر صدارت ہونے والے خصوصی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

سندھ کو جی ایس ٹی کی ذمہ داری دیں تو ہدف سے زیادہ ٹیکس جمع کر سکتے ہیں

وفاق کے بحران کو بنیاد بنا کر کچھ وزرا صوبوں سے وسائل اور اختیارات واپس لینا چاہتے ہیں، بلاول بھٹو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بلاول بھٹو این آئی سی وی ڈی میں قریب سے خطاب کر رہے ہیں پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے پیش کش کی ہے کہ وفاق ہمیں ذمہ داریاں دے تو ہم ہدف سے زیادہ ٹیکس جمع کر سکتے ہیں۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کراچی میں قومی ادارہ برائے امراض قلب میں جدید (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

پاکستان کے صرف 18 فیصد شہری معیشت کو مظبوط سمجھتے ہیں

89 فیصد پاکستانی گھریلو خریداری میں خود کو غیر مطمئن محسوس کرتے ہیں، سروے رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں معاشی صورتحال کے حوالے سے عوامی اعتماد کم سطح پر برقرار ہے، جبکہ ذاتی مالی حالات کے متعلق امید میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ یہ بات آئی پسوس کے جاری چوتھی سہ ماہی 2025 کے کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس سروے میں سامنے آئی ہے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

پاکستانی طالبہ نے عالمی مقابلہ مضمون نویسی میں گولڈ ایوارڈ جیت لیا

زینب اس سے قبل اس مقابلے کی جونیئر کیٹیگری میں چاندی اور کانسی کے ایوارڈز حاصل کر چکی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی او لیول کی طالبہ زینب نواز نے کوئینز کامن ویلتھ انٹرنیشنل مقابلہ مضمون نویسی 2025 کی سینئر کیٹیگری میں گولڈ ایوارڈ جیت کر پاکستان کے لیے اعزاز حاصل کیا ہے۔ سینئر کیٹیگری میں کامن ویلتھ کے 56 رکن ممالک سے 53,434 طلباء و طالبات نے اس مقابلے میں شرکت کی تھی۔ کوئینز کامن ویلتھ مقابلہ مضمون نویسی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

بغیر نمبر پلیٹس، ڈرائیونگ لائسنس گاڑیاں چلانے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن

حالیہ مشاہدے میں یہ بات سامنے آئی ہے صوبے بھر میں بڑی تعداد میں گاڑیاں بغیر نمبر پلیٹس سڑکوں پر رواں دواں ہیں

کراچی سمیت صوبے بھر میں بغیر نمبر پلیٹس گاڑیاں چلانے والوں اور بغیر ڈرائیونگ لائسنس ڈرائیورز کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی سمیت صوبے بھر میں بغیر نمبر پلیٹس گاڑیاں چلانے والوں اور بغیر ڈرائیونگ لائسنس ڈرائیورز کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کے سلسلے میں آئی جی سندھ کی جانب سے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

تجارت اور ٹرانزٹ ٹریڈ پر کسٹمز ڈیوٹی کی وصولی کی سخت نگرانی یقینی بنائی جائے، وزیراعظم

پاکستان کے کسٹمز فریم ورک میں برسوں سے موجود مسائل نے صنعتی ترقی کو متاثر کیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کے کسٹمز نظام میں بدعنوانی اور نااہلی کے خاتمے کے لیے اپنی کوششیں تیز کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ سرحدی تجارت، دوطرفہ تجارت اور ٹرانزٹ ٹریڈ پر کسٹمز ڈیوٹی کی وصولی کی سخت نگرانی یقینی بنائی جائے۔ وزیراعظم کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں کسٹمز اور تجارتی شعبوں میں اصلاحات (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

ایٹمی کاٹن پلان بحالی کے حوالے سے جاری سرکاری منٹس چیلنج کر دیے

منٹس کو وزارتِ خوراک کے بیوروکریٹک مفادات کو پورا کرنے کے لیے دوبارہ ترتیب دیا گیا ہے

حکومت کی پالیسی کی سمت اور ڈپٹی پرائم منسٹر/ وزیر خارجہ کے فیصلوں کی غلط ترجمانی کی جا رہی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) نے کاٹن پلان کی بحالی کے حوالے سے جاری کیے گئے سرکاری منٹس کو چیلنج کر دیا ہے اور کہا کہ یہ دستاویز میٹنگ میں طے پانے والی حقیقی روح، ہدایات اور اتفاق رائے کی عکاسی نہیں کرتی۔ ذرائع کے مطابق اپٹما کا دعویٰ ہے کہ منٹس کو وزارت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

نومبر 2025، پاکستان کا تجارتی خسارہ 2.86 ارب ڈالرز ہو گیا

نومبر 2025 میں برآمدات 2.39 ارب ڈالر رہیں جو نومبر 2024 میں ریکارڈ 2.83 ارب ڈالر کے مقابلے میں 15.4 فیصد کم ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) نومبر 2025 کے دوران پاکستان کا تجارتی خسارہ تقریباً 33 فیصد بڑھ کر 2.86 ارب ڈالر ہو گیا۔ ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق تجارتی توازن یعنی برآمدات اور درآمدات کے درمیان فرق نومبر 2024 میں 2.15 ارب ڈالر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب 11 ویں قومی مالیاتی کمیشن کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی کے آسمان پر سال کا آخری سپر مون ''کولڈ مون'' نظر آ رہا ہے

صنعت و تجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ
تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد نمبر 25 (شمارہ نمبر 50) 08 تا 14 دسمبر 2025ء فون- 0307-0610770 E-MAIL:info@tigaratnews.tv

چین نے گرین انرجی کی جنگ جیت لی

ڈونلڈ ٹرمپ کے دور میں امریکہ گرین انرجی (سبز توانائی) کے پروگرام ختم کرتے کرتے فوسل فیول کی سیاست کی طرف واپس لوٹ رہا، تو چین ایک بالکل مختلف لیگ میں داخل ہو چکا۔ واشنگٹن سبسڈی اور ضابطوں پر بحث کرنے میں مصروف، بیجنگ صنعتی پیمانے پر مکمل صاف توانائی کے نظام برآمد کر رہا ہے۔ پاکستان اور افریقہ طاقت کے توازن میں اس تبدیلی کی سب سے نمایاں مثال ہیں۔ چینی سولر پلانٹس، منی گرڈ اور بیٹری ہب ایسے علاقوں کو روشن کر رہے جو کئی دہائیوں تک توانائی کی کمی کا شکار رہے تھے۔ اور یہ سب ایسے آلات کی بدولت ممکن ہوا جن کی قیمت اور حجم کے مقابلے میں امریکہ کا کوئی مقابلہ نہیں۔ نہایت سستے سولر پینلز کی ہر نئی کھیپ بیجنگ کو ان بازاروں میں مزید مقبول بنا رہی جہاں کبھی واشنگٹن کا فی اثر ورسوخ رکھتا تھا۔ اس تبدیلی نے چین کے کردار کو اگلی صدی کی فیصلہ کن ٹیکنالوجیز میں مضبوط مقام عطا کر ڈالا ہے۔ یہ مقابلہ اب نظریاتی نہیں رہا، چین دنیا میں توانائی کا مستقبل تشکیل دے رہا تو دوسری سمت مستقبل امریکہ کی دسترس سے دور ہوتا جا رہا ہے۔ اصل سوال یہ ہے کہ ابھرتا ہوا عالمی توانائی نظام کس حد تک چینی شرائط پر تشکیل پائے گا اور امریکہ کے لیے اس میں کتنی گنجائش باقی رہے گی۔ چین کی صنعتی مشین صاف توانائی کے شعبے میں چین کا عروج نہ تو اتفاق ہے اور نہ ہی محض مارکیٹ کی کامیابی۔ یہ ایک ریاستی صنعتی مشین کا نتیجہ ہے جو سولر سپلائی سلسلے (چین) کے ہر حصے پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے بنائی گئی... پالی سلیکون کی پروسیسنگ اور ویفر کٹنگ سے لے کر بیٹری کیمسٹری اور گرڈ اسکیل اسٹوریج تک! دنیا میں کوئی اور ملک اس لحاظ سے چین کے برابر نہیں۔ 2024ء میں چین نے تقریباً 329 گیگاواٹ نئی سولر صلاحیت نصب کی جس سے اس کی کل صلاحیت 1,100 گیگاواٹ سے بڑھ گئی۔ یہ دنیا میں سب سے زیادہ ہے اور جس کا کوئی عالمی مقابلہ نہیں۔ صرف ایک سال کا اضافہ ہی کئی ممالک کی مجموعی سولر صلاحیت سے زیادہ ہے۔ یہ پیمانہ صرف متاثر کن نہیں بلکہ صنعت کی اقتصادیات بدل دیتا ہے۔ چینی سولر پینلز اب 0.07 تا 0.09 سینٹ فی واٹ قیمت پر دستیاب ہیں اور جس کا مقابلہ مغربی کمپنیاں سبسڈی ملنے کے باوجود نہیں کر سکتیں۔ ان اعداد کے پیچھے ایک ایسا چینی ماڈل ہے جو بڑے پیمانے کی معیشت، سرکاری سبسڈی اور صنعتی پالیسی پر مبنی ہے جو لاگت کو کم رکھنے اور سپلائی چین کے انضمام پر توجہ دیتی ہے۔ اس امتزاج نے چین کو قیمتیں مسلسل کم رکھنے کے قابل بنایا ہے جبکہ اس کا پیداواری ماحولیاتی نظام تیزی سے پھیل رہا ہے، اس سے بھی زیادہ جتنا چین مقامی طور پر استعمال کر سکتا ہے۔ چین کی تیز رفتار پیداواری صلاحیت اس کی اندرونی طلب سے بہت بڑھ چکی اور یہی اضافی صلاحیت اب اس کے عالمی پھیلاؤ کو وسعت دے رہی ہے۔ اس فاضل پیداوار کو اسٹریٹجک برآمدی صنعت میں بدل کر بیجنگ انتہائی سستے آلات ایسی مقدار میں فراہم کر رہا جس کا مغربی ممالک مقابلہ نہیں کر سکتے۔ جسے مغربی پالیسی مباحث میں "زیادتی صلاحیت" کہا جاتا ہے، وہ دراصل چین کے لیے ایک دانستہ صنعتی فائدہ ہے جو اسے نئے بازار پانے اور عالمی توانائی کی معیشت میں اپنا مقام مضبوط کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ بیجنگ کی قیادت واضح کر چکی کہ توانائی کی تبدیلی کوئی تجربہ نہیں بلکہ ایک اسٹریٹجک سمت ہے۔ 2025ء میں اقوام متحدہ سے خطاب کرتے ہوئے صدر شی جن پنگ نے کم کاربن منتقلی کو ایک تاریخی راستہ قرار دیا جسے ممالک کو بغیر کسی ہچکچاہٹ کے اختیار کرنا چاہیے۔ یہ ایک سفارتی اپیل سے کم اور ارادے کے اظہار سے زیادہ تھا: چین اس منتقلی کو ایک اسٹریٹجک میدان سمجھتا ہے جسے وہ اپنی شرائط پر تشکیل دینا چاہتا ہے، جبکہ دوسرے ممالک ابھی تک اس پر غور کر رہے ہیں کہ آیا انہیں اس میں شامل ہونا چاہیے یا نہیں۔ پاکستان کی مثال گزشتہ چند برسوں میں پاکستان میں کچھ غیر معمولی ہوا ہے۔ اور افریقہ پاکستان کی مثالی سولر کامیابی کو دہرانا چاہتا ہے۔ سولر پینلز جو حال تک پاکستان میں انتہائی کم نظر آتے تھے، حیران کن حد تک مقبول ہو گئے ہیں۔ سیٹلائٹ اور فضائی تصاویر سے ظاہر ہوتا ہے کہ کووڈ وبا سے پہلے کراچی اور لاہور جیسے شہروں میں سولر پینلز تقریباً نہ ہونے کے برابر تھے۔ 2021ء اور 2022ء میں چند تنصیبات کا آغاز ہوا جو 2023ء اور 2024ء میں تیزی سے ایک بھرپور لہر کی شکل اختیار کر گئیں۔ آج شہری علاقوں کے نسبتاً خوشحال محلوں کی تقریباً ہر چھت سولر پینلز سے ڈھکی ہوئی ہے۔ توانائی کے تحقیقی ادارے ''ایمبر'' (Ember) کے اعداد و شمار کے مطابق، چین نے جو دنیا کا سب سے بڑا سولر پینل بنانے والا ملک ہے، پاکستان کو برآمد کیے گئے سولر پینلز کی مقدار 2022ء میں 3.3 گیگاواٹ سے بڑھا کر 2023ء میں 19 گیگاواٹ اور 2024ء میں 17 گیگاواٹ تک پہنچا دی۔ جولائی 2025ء تک کے بارہ مہینوں میں پاکستان نے چین سے اتنے زیادہ پینلز درآمد کیے جتنے کسی اور ملک نے نہیں (سوائے نیدرلینڈز کے جو یورپ کی سب سے بڑی بحری گزرگاہ ہونے کے ناتے اپنے درآمد شدہ پینلز کا بڑا حصہ دوبارہ برآمد کر دیتا ہے)۔ پاکستان میں ''سولر بوم'' اپنی رفتار اور پیمانے کے لحاظ سے حیران کن ہے۔ لیکن اس بوم کی ایک اور قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ یہ زیادہ تر ''غیر منصوبہ بند'' تھا۔ "یہ ایک کنزیومر انقلاب ہے۔" ایمبر کے چیف تجزیہ کار، ڈیو جونز کہتے ہیں۔ وہ نشاندہی کرتے ہیں کہ پاکستان میں سولر پینلز 60 سے 80 ڈالر میں دستیاب ہیں۔ عام لوگ ہارڈ ویئر کی دکان سے پینل خرید کر یوٹیوب ویڈیو کی مدد سے خود بھی لگا سکتے ہیں۔

امریکا: دنیا کی سب سے لمبی زبان رکھنے والا کتا

اوکلاہوما (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی ریاست اوکلاہوما سے تعلق رکھنے والے ایک خاندان کے پالتو کتے اوزی نے زندہ کتوں میں سب سے لمبی زبان (7.83 انچ) کا گینیز ورلڈ ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ اس سے قبل یہ ریکارڈ ریاست الینوائے کے شہر بلومنگٹن کے کتے راکی (5.46 انچ) کے پاس تھا۔ اس نے یہ ریکارڈ 2023 میں قائم کیا تھا۔ کتے کی مالکن اینجلا پک نے گینیز ورلڈ ریکارڈ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جب سے ان کا کتا پیدا ہوا ہے تب سے اس کی زبان ہمیشہ باہر رہتی ہے۔ اس کا دو بار جانوروں کے ڈاکٹروں نے معائنہ کیا ہے لیکن اس کو کوئی طبی مسئلہ لاحق نہیں۔ بس اس کی زبان غیر معمولی طور پر لمبی ہے۔

رواں برس گوگل پر سب سے زیادہ کن شخصیات کو سرچ کیا گیا؟ فہرست جاری

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) سال 2025 کا آخری مہینہ بھی تیزی سے اختتام کی جانب بڑھ رہا ہے لیکن انٹرنیٹ کی دنیا میں اس کی دھڑکنیں اب بھی محسوس کی جا سکتی ہیں۔ رواں برس کے لیے گوگل کی ٹرینڈنگ فہرست نے یہ بتا دیا کہ اس سال دنیا کن لوگوں کے پیچھے بھاگتی رہی، کس کے بارے میں جاننا چاہتی تھی، اور کس کی زندگی کے کن گوشوں نے عوام کو اپنی جانب کھینچا۔ ان سب میں دلچسپ بات یہ رہی کہ 2025 میں زیادہ تر لوگوں نے صرف فلمی ستاروں کو نہیں بلکہ تنازعات، حیرتوں، سانحات اور سیاست کی بے رحمی کو بھی سرچ کیا۔ سب سے زیادہ سرچ کی جانے والی شخصیات درج ذیل ہیں 1- گلوکار ڈیوڈ انتھونی برک امریکی گلوکار ڈیوڈ انتھونی برک (D4vd) کے لیے 2025 ایسا سال تھا جسے وہ ضرور بھولنا چاہیں گے لیکن دنیا نے انھیں یاد رکھا کافی زیادہ یاد رکھا۔ اس سال مداحوں نے ان کے گانوں کی وجہ سے نہیں بلکہ ایک ایسے حادثے کی وجہ سے سرچ کیا جو ان کے کیریئر پر ایک داغ بن کر رہ گیا ہے۔ یہ ستمبر 2025 کی بات ہے جب گلوکار کی گاڑی سے ایک کم عمر لڑکی سیلیسٹ ریواس ہرنینڈیز کی لاش برآمد ہوئی تھی۔ یہ وہ لمحہ تھا جو سوشل میڈیا پر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گیا۔ سوالات، قیاس آرائیاں اور بحث و مباحثے نے اسے مزید ہوا دی۔ اس واقعے کے بعد سے دنیا بھر میں امریکی گلوکار کو گوگل پر سب سے زیادہ سرچ کیا جانے لگا جو تاحال جاری ہے۔ یہی غیر یقینی صورتحال انھیں سال 2025 کا سب سے زیادہ سرچ کیا جانے والا انسان بنا گئی۔ 2- کینڈرک لامار موسیقی کی دنیا میں ہر سال کئی گانے آتے ہیں لیکن Not Like Us نے دنیا کو ہلا کر رکھ دیا۔ کینڈرک لامار نے یہ صرف گانا ہی نہیں دیا بلکہ دنیا بھر میں ثقافتی رنگ بکھیر دیئے تھے۔ دیکھتے ہی دیکھتے ویڈیوز نے سب گانوں کو مات کر دیا۔ اس گانے کی مقبولیت نے 2025 میں گوگل سرچ لسٹ میں کینڈرک لامار کو دوسرے نمبر پر پہنچا دیا۔ 3- جمی کیمل ٹی وی میزبان جمی کیمل اس وقت سب سے زیادہ سرچ کیے گئے جب ایک سیاسی تبصرے نے ان کے شو کا مستقبل ہلا دیا۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے قریبی اتحادی چارلی کرک کے بارے میں متنازع جملہ انہیں عارضی طور پر اسکرین سے غائب کر گیا۔ لیکن گوگل کے سرچ باکس میں وہ مسلسل موجود رہے۔ 4- ٹائلر روبنسن چارلی کرک کے قتل کے الزام میں گرفتار ٹائلر روبنسن کا نام ایسے وقت منظر پر آیا جب دنیا پہلے ہی سیاسی انتشار اور جنگ و جدل کا شکار تھی۔

ترکیہ؛ عدالت کے لاکر میں رکھے ضبط شدہ ایک ارب روپے مالیت کے زیورات چوری

استنبول (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ کی عدالت کا ملازم لاکرز میں رکھا ضبط شدہ قیمتی سونا لے اُڑا ترکیہ میں کسی کرائم فلم کی پُراسرار انداز میں کی گئی چوری کی واردات نے سب کو حیران اور قدرے پریشان کر کے رکھ دیا۔ اس کہانی میں چوری کی پُراسراریت اگر حیران کن ہے تو واردات میں عدالت کے محفوظ ترین سمجھے جانے والے لاکر سے قیمتی سامان غائب ہونا سیکیورٹی فورسز کے لیے پریشان کن بھی ہے۔ سونے زیورات سے بھرے اس لاکر سے ایک ارب روپے سے زائد مالیت کا قیمتی سامان چوری ہو گیا۔ نقب زنی کی یہ انوکھی واردات 13 نومبر کو صبح ٹھیک 7:40 بجے کی گئی جب عدالت کا ہال خالی اور راہداریوں میں خاموشی تھی۔

5 یا زیادہ سے زیادہ 10 سال میں جنگ ناگزیر ہے: ایلون مسک

شکاگو (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیسلا اور اسپیس ایکس کے سربراہ ایلون مسک نے جنگ سے متعلق بیان دے کر سوشل میڈیا پر نئی بحث چھیڑ دی۔ سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں ایلون مسک نے کہا کہ پانچ یا زیادہ سے زیادہ دس سال میں جنگ کا ہونا ناگزیر ہے۔ ایلون مسک نے یہ ٹویٹ ایک صارف ہنٹر ایش کی پوسٹ کے جواب میں کی۔ ہنٹر ایش نے اپنی پوسٹ میں کہا کہ جوہری ہتھیاروں کی وجہ سے جنگ کے امکانات یا جنگ کے مصدقہ خطرات ختم ہو گئے ہیں، جس کے باعث تمام حکومتیں کمزور ہو گئی ہیں۔ ایلون مسک نے اسی پوسٹ کے جواب میں پانچ سال یا زیادہ سے زیادہ دس سال میں جنگ ناگزیر ہونے سے متعلق پیشگوئی کی۔ واضح رہے انہوں نے اس متعلق مزید کوئی تفصیلات پیش نہیں کیں۔

بھارتی بچہ شطرنج کی تاریخ کا کم عمر کھلاڑی قرار

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت سے تعلق رکھنے والا تین سالہ بچہ انٹرنیشنل چیس فیڈریشن (FIDE) کی جانب سے ا؟فیشل ریٹنگ ملنے کے بعد شطرنج کی تاریخ کا سب سے کم عمر کھلاڑی بن گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مدھیا پردیش کے علاقے ساگر سے تعلق رکھنے والے سروگیا سنگھ کشواہا صرف تین سال سات ماہ اور 20 دن کے تھے جب ان کو FIDE کی جانب سے ریٹنگ دی گئی۔

ترکی نے پاکستان میں ڈرونز تیار کرنا شروع کر دیے، جنگی جہازوں کے پروگرام میں شراکت دار بنانے کا خواہاں

انقرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیے نے پاکستان میں ڈرونز کی تیاری کے ساتھ ساتھ اپنے ففتھ جنریشن جنگی طیاروں کے پروگرام کان میں شراکت دار بنانے کا خواہاں ہے۔ بلومبرگ کی رپورٹ کے جو پاکستان میں تیار کیے جائیں گے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ اس معاملے پر دونوں ممالک کے درمیان گفتگو ترکیے کی اپنی دفاعی صنعت کو توسیع دینے کی کوششوں کا حصہ ہے، جو صدر رجب طیب اردوان

مطابق ترک عہدیداروں نے بتایا کہ ترکیے نے پاکستان میں ڈرونز بنانے کے لیے تنصیبات قائم کرنے کا منصوبہ بنا لیا ہے جو انقرہ کا عالمی مارکیٹ میں اپنی دفاعی صنعت کو توسیع دینے کی مہم کا حصہ ہے۔ شناخت ظاہر نہ کرنے کی شرط پر عہدیداروں نے بتایا کہ مذکورہ پروجیکٹ کے حوالے سے مذاکرات میں اکتوبر سے اب تک بڑی پیش رفت ہوئی ہے، جس کے نتیجے میں ترکیے جدید اور طویل فاصلے تک اڑان بھرنے والے ڈرونز برآمد کرے گا کی مشرق وسطیٰ اور دیگر میدانوں میں اپنے اثر ورسوخ بڑھانے کے ارادوں کے حوالے سے مرتب حکمت عملی میں شامل ہے۔ عہدیداروں نے بتایا کہ ترکیے کے پاکستان کے ساتھ طویل دوستانہ تعلقات ہیں اور مشترکہ معاہدے کے تحت اپنی بحریہ کے لیے جدید جنگی جہازوں کی تیاری کر رہا ہے، اسی طرح ترکیے نے پاکستان کے ایف-16 کی اپ گریڈیشن کی تھی اور اب اپنے ففتھ جنریشن فائٹر پروگرام کان میں بھی پاکستان کو اپنا شراکت دار بنانے کا خواہاں ہے۔

روس کا کینیڈا، فرانس اور پرتگال کے ساتھ عسکری معاہدے ختم کرنے کا اعلان

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روس نے کینیڈا، فرانس اور پرتگال کے ساتھ فوجی تعاون کے تین معاہدوں کو ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق روس کے وزیراعظم میں ہوا، روسی فیڈریشن کی حکومت اور فرانس کی حکومت کے درمیان دفاعی تعاون کا معاہدہ 4 فروری 1994 کو ماسکو میں ہوا اور روسی فیڈریشن کی حکومت اور جمہوریہ پرتگال کی حکومت کے درمیان

میخائل میشوسٹن کے دستخط سے سرکاری ویب سائٹ پر جاری حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ روسی حکومت نے کینیڈا، فرانس اور پرتگال کے ساتھ فوجی تعاون کے تین معاہدے ختم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ سوویت یونین کی حکومت اور کینیڈا کی حکومت کے درمیان فوجی نوعیت کے دوروں سے متعلق معاہدے پر دستخط 20 نومبر 1989 کو ماسکو فوجی تعاون کے معاہدے پر دستخط 4 اگست 2000 کو ماسکو میں ہوئے تھے۔ روسی حکومت کے حکم نامے میں مذکورہ معاہدوں کا حوالہ دے کر کہا گیا ہے کہ اب ان سب معاہدوں کو ختم کر دیا گیا ہے۔ روس کی وزارت خارجہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ کینیڈا، فرانس اور پرتگال کو حکومت کے اس فیصلے سے باضابطہ طور پر آگاہ کرے۔

شارجہ میں جعلی برطانوی ویزوں پر سفر کرنے والے 5 پاکستانی گرفتار

شارجہ (مانیٹرنگ ڈیسک) شارجہ کے حکام نے جعلی برطانوی ویزوں پر سفر کرنے کی کوشش کرنے والے پانچ پاکستانی شہریوں کو گرفتار کر کے ڈیپورٹ کر دیا۔ عرب میڈیا کے مطابق یہ پانچوں افراد اے اینٹی ہیومن اسمگلنگ سرکل کی ملزمان سے تفتیش جاری ہے۔ یہ پیشرفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ایک روز قبل وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے غیر قانونی ہجرت اور جعلی سفری دستاویزات کی روک

برطانیہ جانے کے لیے جعلی سفری دستاویزات استعمال کر رہے تھے جو مبینہ طور پر انسانی اسمگلنگ میں ملوث ایجنٹوں کی مدد سے تیار کی گئی تھیں۔ پانچوں مسافر اس سال لاہور سے ملائیشیا وزٹ ویزوں پر بھی سفر کر چکے تھے لیکن اس بار شارجہ میں امیگریشن حکام نے ان کے ویزوں کی جانچ کے دوران جعل سازی پکڑ لی۔ جس پر انھیں شارجہ میں تحویل میں لیا گیا اور پوچھ گچھ کے بعد فوری طور پر پاکستان واپس بھیج دیا گیا جہاں لاہور ایئرپورٹ پر ایف آئی اے نے حراست میں لے لیا۔ ایف آئی تھام کے لیے مصنوعی ذہانت پر مبنی ایک ایپ کا پائلٹ پراجیکٹ متعارف کرانے کا اعلان کیا۔ وزیر داخلہ کے مطابق یہ ایپ حکام کو یہ تعین کرنے میں مدد دے گی کہ کون سا مسافر سفر کے لیے موزوں ہے اور کون نہیں جبکہ جعلی ویزوں اور ایجنٹ مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنائی جائے گی۔ محسن نقوی نے وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز چوہدری سالک حسین کے ساتھ اجلاس میں امیگریشن ریفارمز کا بھی جائزہ لیا تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں اور ملک کی عالمی سطح پر ساکھ بہتر بنائی جا سکے۔

فلائٹ کینسل ہوگئی، نئے شادی شدہ جوڑے کی اپنے ہی ریسیپشن میں آن لائن شرکت

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی ایئرلائن انڈیگو کی سیکڑوں پروازیں معطل ہونے کی وجہ سے ایک نئے شادی شدہ جوڑے کے ریسیپشن کی تقریب ایک منفرد اور غیر معمولی صورت اختیار ہو پانے پر ایک منفرد انداز اپنایا اور آن لائن ریسیپشن کا انعقاد کرنے کا فیصلہ کیا۔ ٹیک کے شعبے سے تعلق رکھنے والے کپل اور نیکیتا نے اس غیر متوقع صورتحال میں جدید ٹیکنالوجی کا فائدہ اٹھایا اور اپنے

کر گئی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی جوڑے کپل اور نیکیتا کی شادی کی تقریب دہلی میں طے تھی۔ تاہم، بدقسمتی سے ان کی دہلی جانے والی انڈیگو کی پرواز اچانک منسوخ ہوگئی۔ اس پر جوڑے نے اپنی شادی کی تقریب میں طبعی طور پر شامل نہ دوستوں اور خاندان کے افراد کو ویڈیو کال کے ذریعے شادی کی خوشیوں میں شریک کر لیا۔ ان کے لیے یہ ایک نئی نوعیت کا تجربہ تھا، کیونکہ وہ اپنی ہی شادی کی تقریب میں غیر موجودگی کے باوجود اپنے اہل خانہ اور دوستوں کے ساتھ خوشیاں بانٹ رہے تھے۔

یورپی یونین نے ایکس پر 12 کروڑ یورو کا جرمانہ عائد کر دیا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) یورپی یونین نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اس کے بلیو ٹِک بیجز پر 12 کروڑ یورو کا جرمانہ عائد کر دیا۔ یورپی یونین کمیشن کے مطابق ایکس نے اپنے بلیو بیجز کے 'گمراہ کن' ڈیزائن سے گمراہ کیا ہے۔ ان بیجز کو 2022 ایلون مسک کی جانب سے کمپنی کو خریدے جانے کے بعد صارفین کی ویریفیکیشن سے پیڈ فیچر میں بدل دیا گیا تھا۔ دھوکا دہی، جعلی اشتہارات اور سیاسی انتخابات کے دوران مہموں کے خلاف تحفظ کے لیے کمیشن نے ایکس سے مشتہرین کی واضح فہرست مانگی تھی جو کمپنی فراہم کرنے میں ناکام رہی تھی۔ کمیشن کے مطابق کمپنی محققین کے سامنے دستیاب پبلک ڈیٹا پیش کرنے میں بھی ناکام رہی۔ یہ جرمانہ یورپی یونین کی ڈیجیٹل سروس ایکٹ (ڈی ایس اے) کے تحت ہونے والی دو سالہ تحقیق کے ایک حصے کو مکمل کرتا ہے۔ تاہم، غیر قانونی کانٹنٹ اور گمراہ کن معلومات کو پھیلانے سے روکنے کے لیے تحقیقات تاحال جاری ہیں۔

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	281.55 PKR	281.65 PKR
Euro	EUR	326.15 PKR	329.65 PKR
British Pound	GBP	372.50 PKR	376.00 PKR
UAE Dirham	AED	76.60 PKR	77.35 PKR
Saudi Riyal	SAR	74.95 PKR	75.55 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	911.00 PKR	921.00 PKR
Canadian Dollar	CAD	199.00 PKR	204.00 PKR
Australian ■ Qatari Riyal	QAR	76.55 PKR 77.25 PKR	186.00 PKR
Omani Riyal ■ Bahrain Dinar	BHD OMR	744.50 PKR 754.25 PKR 729.25 PKR	739.25 PKR
Japanese Yen	JPY	1.78 PKR	1.88 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	66.50 PKR	67.10 PKR
Qatari Riyal	QAR	76.55 PKR	77.25 PKR
Bahrain Dinar	BHD	744.50 PKR	754.25 PKR
Chinese Yuan	CNY	39.25 PKR	39.65 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	35.85 PKR	36.10 PKR
Danish Krone	DKK	43.15 PKR	43.55 PKR
New Zealand Dollar	NZD	156.15 PKR	158.15 PKR
Singapore Dollar	SGD	215.15 PKR	220.15 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.30 PKR	27.60 PKR
Swedish Krona	SEK	29.10 PKR	29.40 PKR
Swiss Franc	CHF	346.10 PKR	348.85 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 443,500	Rs. 380,240
22k	Rs. 406,541	Rs. 348,551
21k	Rs. 388,065	Rs. 332,711
20k	Rs. 369,681	Rs. 316,949
18k	Rs. 332,627	Rs. 285,180
14k	Rs. 258,719	Rs. 221,815
12k	Rs. 258,719	Rs. 190,120

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Karachi	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Lahore	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Islamabad	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Rawalpindi	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Peshawar	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Quetta	Rs. 4,830	Rs. 5,628

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 194 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 194 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 265.45 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 284.44 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 159.76 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 176.81 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	SSGC 39.47 ^ 3.59 BOP 33.96 ^ 0.63 KEL 5.55 ^ 0.04 PPL 210.52 ^ 5.1 HUMNL
KSE ALL SHARE	SSGC 39.47 ^ 3.59 BOP 33.96 ^ 0.63 WTL 1.82 v -0.04 KEL 5.55 ^ 0.04 PPL 210.52
KSE 30	No Data Found.
KMI30	No Data Found.
ALL SHARE ISLAMIC	SSGC 39.47 ^ 3.59 KEL 5.55 ^ 0.04 PPL 210.52 ^ 5.1 PAEL 53.09 ^ 0.91 PIBTL
BATI	BOP 33.96 ^ 0.63 NBP 215.17 v -1.23 HBL 309.01 ^ 3.05 MEBL 444.86 ^ 4.07 BAFL
OGTI	PPL 210.52 ^ 5.1 OGDC 265.21 ^ 4.93 MARI 704.44 v -1.93

بقیہ 1 تجارت نیوز

اور پی وی اے آراے کے چیئرمین بلال بن ثاقب نے کی، اور پاکستان کے نیشنل ڈیجیٹل اثاثہ فریم ورک پر کام کو آگے بڑھانے پر بات چیت کی گئی تھی۔ گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے ساتھ پاکستان کے بڑے تجارتی بینکوں کے صدور اور ایگزیکٹوز اور بائنانس کی سینئر قیادت، بشمول عالمی سی ای او اور چرڈ ٹینگ، اس مباحثے میں شریک ہوئے۔ قبل ازیں فنانس ڈویژن نے جاری بیان میں کہا ہے کہ اس اجلاس میں پاکستان کے لیے محفوظ، منظم اور جدت پر مبنی ڈیجیٹل اثاثہ ایکوسسٹم کے قیام کے آئندہ اقدامات کا جائزہ لیا گیا، خاص طور پر آن اور آف ریمپ انفرااسٹرکچر کے ذمہ دارانہ نفاذ، بہتر تعمیل کے معیار، مارکیٹ کی شفافیت میں اضافہ، اور منظم مالیاتی اداروں کے مضبوط انضمام پر زور دیا گیا ہے۔ ملاقات کے دوران سینیٹر محمد اورنگزیب نے اعتراف کیا کہ پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کا استعمال ایک ناقابل واپسی عالمی رجحان کی عکاسی کرتا ہے اور شہریوں کے تحت موجود ورچوئل اثاثوں کو رسمی نگرانی کے ڈھانچوں میں لانے کے معاشی مواقع کو اجاگر کرتا ہے۔ فنانس ڈویژن کے مطابق ''ایسی شمولیت مالیاتی شفافیت کو مضبوط کرے گی، کریڈٹ ویلیو کی تشخیص میں مدد دے گی، اور قومی اثاثہ جات کی رپورٹنگ کو بہتر بنائے گی، بغیر اس کے کہ ڈیجیٹل اثاثوں کو قانونی کرنسی کا درجہ دیا جائے۔'' اجلاس میں ورچوئل ایسٹ سروس پرووائیڈرز کے لیے منظم لائسنسنگ کے نظام کی ترقی کا بھی جائزہ لیا گیا تاکہ شفافیت کو بہتر بنایا جا سکے، عالمی اے ایم ایل/سی ایف ٹی معیارات پر پورا اتر سکیں، ادارہ جاتی سرمایہ کاری کو راغب کیا جا سکے، اور پاکستانی صارفین کو غیرمنظم آف شور پلیٹ فارمز کے خطرات سے محفوظ بنایا جا سکے۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

کے مختلف امکانات پر غور کیا۔ مذاکرات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ دونوں ممالک نتائج پر مبنی حکمت عملی اپنائیں گے اور اہم معاہدات اور مفاہمتی یادداشتوں پر بروقت عملدرآمد کو یقینی بنائیں گے تاکہ مقررہ تجارتی ہدف حاصل کیا جا سکے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ نیا تجارتی ہدف پاکستان کی وسیع تر پالیسی ویژن سینٹرل ایشیا کا حصہ ہے، جس کا مقصد وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ اقتصادی و اسٹریٹجک تعلقات کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ کرغیز صدر کے ہمراہ آنے والا وفد، جس میں متعدد وزرا اور اعلیٰ حکام شامل تھے، مذاکرات کی اہمیت کا عکاس تھا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی روابط بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا، خصوصاً بنیادی ڈھانچے اور توانائی کے منصوبوں کے ذریعے تجارتی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے کے لیے۔ اس موقع پر سی اے ایس اے-1000 منصوبہ خاص طور پر زیر بحث آیا، جو وسطی ایشیا سے جنوبی ایشیا تک بجلی کی ترسیل کا ایک اہم علاقائی منصوبہ ہے۔ دونوں ممالک نے اس منصوبے پر بروقت پیش رفت کو انتہائی اہم قرار دیا اور اسے خطے میں توانائی کے تحفظ اور اقتصادی انضمام کا مؤثر ذریعہ قرار دیا۔ اس کے ساتھ ساتھ، دونوں ممالک نے کوآڈری لیٹرل ٹریفک ان ٹرانزٹ ایگریمنٹ کے تحت سڑک رابطوں کی بہتری اور محفوظ، متنوع اور پائیدار تجارتی راستوں کے فروغ پر بھی اتفاق کیا۔ تعلیم، زراعت اور سیاحت کے شعبوں میں مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے پانچویں اجلاس کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور عوامی روابط کے فروغ کے عزم کو دہرایا گیا۔ علاقائی سکیورٹی کے حوالے سے دونوں رہنماؤں نے افغانستان کی صورت حال پر بھی تشویش کا اظہار کیا اور زور دیا کہ افغان حکام دہشت گردی کے خاتمے اور علاقائی استحکام کے لیے اپنے وعدے پورے کریں۔ بین الاقوامی امور میں فلسطینیوں کے حق خودارادیت اور 1967 سے قبل کی سرحدوں پر خودمختار ریاست کے قیام کی حمایت کا اعادہ کیا گیا۔ دورے کے دوران توانائی، تجارت، زراعت، ثقافت اور سیاحت سمیت مختلف شعبوں میں 15 مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کیے گئے، جن میں خارجہ اکیڈمیوں کے درمیان تعاون، تجارتی وتوانائی کے معاہدات، مجرموں کے تبادلے کا معاہدہ اور اسلام آباد و بشکیک کو جڑواں شہر قرار دینے کا فیصلہ شامل ہے

بقیہ 3 تجارت نیوز

جنوبی ایشیائی فیڈریشن آف اکاؤنٹنٹس (ایف سے ایف اے) کے صدر اشفاق یوسف ٹولا، ایس اے ایف اے کے نائب صدر ہمایوں کبیر، آئی کیپ کے صدر سیف اللہ اور آئی سی ایم اے پی کے صدر غلام مصطفیٰ قاضی بھی شریک تھے۔ ملاقات میں آڈیٹر جنرل پاکستان مقبول احمد گوندل، ایس ای سی پی کے چیئرمین عاکف سعید اور وزارت خزانہ کے سینئر حکام بھی موجود تھے۔ وزیرخزانہ نے وفد کا خیرمقدم کیا اور اکاؤنٹنگ کے شعبے کو مضبوط بنانے، بین الاقوامی معیارات کو فروغ دینے، اور مالیاتی رپورٹنگ میں شفافیت واعتماد بڑھانے میں آئی ایف اے سی کے عالمی کردار کو سراہا۔ انہوں نے نوٹ کیا کہ ((پاکستان کا پائیداری ایجنڈا، ماحولیاتی مالیات کے وعدے اور گرین اقتصادی اقدامات آئی ایف اے سی کے صدر کے اٹھائے گئے امور کے ساتھ ہم آہنگ ہیں۔ بیان کے مطابق محمد اورنگزیب نے پاکستان کی شدید موسمیاتی حالات سے نمٹنے کی حساسیت کی نشاندہی کی اور بتایا کہ حالیہ سیلاب ہی جی ڈی پی کی ترقی سے نصف فیصد پوائنٹ کم کرنے کا باعث بننے کی توقع ہے۔ اسی تناظر میں انہوں نے پاکستان کے گرین فنانس اقدامات کو آگے بڑھانے، قومی گرین ٹیکسونومی کے نفاذ اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ذریعے پائیداری کے فریم ورک کے نفاذ کے عزم کی تصدیق کی۔ انہوں نے ایس ایم ایز کے مالی نظام کو رسمی بنانے اور ان کی انکشاف کی صلاحیت کو بہتر بنانے کی اہمیت پر بھی زور دیا، خاص طور پر صنعتی اور برآمدی شعبوں میں جہاں آگاہی اور صلاحیت کے چیلنجز موجود ہیں اور کہا کہ جدید رپورٹنگ اور دستاویزی طریقوں کی ہموار منتقلی کے لیے مربوط ادارہ جاتی معاونت ناگزیر ہے۔ وزیر خزانہ نے پاکستان میں ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے ریگولیٹری اقدامات پر بھی روشنی ڈالی۔ عالمی ورچوئل اثاثہ مارکیٹوں میں پاکستانیوں کی بڑھتی ہوئی شرکت کے پیش نظر، حکومت نے پاکستان ورچوئل اثاثہ ریگولیٹری اتھارٹی قائم کی اور کرپٹو کونسل تشکیل دی تاکہ لائسنسنگ پر مبنی، کے وائی سی اور اے ایم ایل کے مطابق ریگولیٹری نظام قائم کیا جا سکے جو جدت کو باقاعدہ معیشت میں ضم کرے۔ جبکہ جین بوکوٹ نے وزیرخزانہ کو آئی ایف اے سی کے مشن کے بارے میں بریف کیا جس کا مقصد اکاؤنٹنگ کے شعبے کی عالمی آواز بننا ہے اور اس کے 143 دائرہ اختیار میں 188 رکن ادارے شامل ہیں۔ انہوں نے پائیداری کے معیارات، آڈٹ معیار، اخلاقیات، اے آئی کے اثرات، چھوٹے و درمیانے پیشہ وران کی صلاحیت سازی اور عوامی شعبے میں اکاؤنٹنگ اصلاحات میں آئی ایف اے سی کی ترجیحات کو اجاگر کیا۔ آڈیٹر جنرل مقبول احمد گوندل نے وفد کو پاکستان کے کیش سے ایکریل بیسڈ IPSAS معیارات کی طرف منتقلی کے بارے میں آگاہ کیا جو نئے ای آر پی سسٹمز اور ڈیجیٹل اصلاحات کے ذریعے کی جارہی ہے تاکہ موجودہ مالی سال میں مکمل الیکٹرانک ادائیگی اور وصولی کو یقینی بنایا جا سکے جس سے عوامی مالی شفافیت اور بین الاقوامی اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ ایس ای سی پی کے چیئرمین عاکف سعید نے شرکاء کو پاکستان کی بین الاقوامی اداروں بشمول آئی او ایس سی او کے ساتھ ریگولیٹری ہم آہنگی کے بارے میں بریف کیا اور انشورنس، پنشنز اور کیپیٹل مارکیٹس میں اصلاحات کو اجاگر کیا۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

پر بھارتی اور روسی وفود کے درمیان دوطرفہ مذاکرات ہوئے، جس میں وزیراعظم نریندر مودی نے روس، یوکرین جنگ کے حوالے سے بھارت کا مقف واضح کرتے ہوئے کہا کہ بھارت ہمیشہ امن کی حمایت کرتا ہے اور انسانیت کے مفاد میں امن کے ساتھ کھڑا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ روس اور یوکرین جلد امن کی راہ اختیار کریں گے۔ صدر ولادیمیر پیوٹن نے یوکرین تنازع کے حل کیلئے بھارت اور مودی کی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ عالمی سطح پر بھارت کا متوازن مقف قابل احترام ہے۔ انہوں نے باور کرایا کہ روس بھارت کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ نئی دہلی میں جاری 23ویں بھارت، روس سربراہی اجلاس کے دوران دونوں رہنماں کے درمیان اہم امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ مذاکرات کے بعد مودی اور پیوٹن نے حیدرآباد ہاس میں مشترکہ پریس کانفرنس کی، جس میں اہم فیصلوں کا اعلان کیا گیا۔ وزیراعظم مودی نے روسی شہریوں کے لیے 30 روزہ مفت ای ٹورسٹ ویزہ اور 30 روزہ گروپ ٹورسٹ ویزہ کا اعلان کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس اقدام کا مقصد دونوں ممالک کے عوامی رابطوں، سیاحت اور ثقافتی تبادلے کو فروغ دینا ہے۔ دونوں رہنماں نے 2030 تک دوطرفہ اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری بڑھانے کے لیے طویل المدتی فریم ورک پر بھی اتفاق کیا۔ مودی نے کہا کہ بھارت، روس تعلقات مضبوط بنیادوں پر قائم ہیں اور گزشتہ 25 برس میں دونوں ملکوں نے مسلسل ترقی کی راہ اختیار کی ہے۔ صدر پیوٹن نے کہا کہ روس بھارت کا قابل اعتماد توانائی شراکت دار ہے اور بھارت کی بڑھتی ہوئی توانائی ضروریات پوری کرنے کے لیے بلاتعطل سپلائی جاری رکھی جائے گی۔ انہوں نے بھارت میں زیرتعمیر سب سے بڑے نیوکلیئر پاور پلانٹ کو دونوں ملکوں کا فلیگ شپ منصوبہ قرار دیا۔ روسی صدر نے دوطرفہ تجارت میں مقامی کرنسیوں کے استعمال پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ دونوں ملکوں کی اقتصادی خودمختاری کے لیے اہم قدم ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس دورے میں ایک جامع معاہداتی پیکیج پر بھی دستخط کیے گئے ہیں، جو مستقبل کے تعاون کی راہیں مزید کھولے گا۔ یوکرین جنگ پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم مودی نے کہا کہ بھارت ابتدا سے ہی امن کا خواہاں ہے اور تنازع کے پائیدار حل کے لیے سفارتی کوششوں کو ترجیح دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت امن کی ہر کوشش میں اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ مودی نے دہشت گردی کے خلاف مشترکہ تعاون پر بھی زور دیا اور 2024 میں ماسکو کے کروکس سٹی ہال حملے کا حوالہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور روس ہمیشہ مشکل وقت میں ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے رہے ہیں۔ عوامی سطح پر رابطوں کو مضبوط بنانے کے لیے بھارت نے روس میں دو نئے قونصل خانے کھولنے کا اعلان بھی کیا، جبکہ تعلیم، کھیل، نوجوانوں کے پروگرامز اور ثقافتی روابط بڑھانے پر اتفاق ہوا۔ پیوٹن نے آر ٹی انڈیا بیورو کے آغاز کو مثبت قدم قرار دیا اور کہا کہ یہ بھارت میں روس سے متعلق مستند اطلاعات فراہم کرنے کا ذریعہ بنے گا۔ انہوں نے برکس ممالک کے ساتھ مل کر زیادہ منصفانہ اور کثیرالقطبی عالمی نظام کی کوششوں کا بھی ذکر کیا۔ مشترکہ پریس کانفرنس سے پہلے دونوں ممالک کے وزرا نے متعدد یادداشتوں اور تعاون کے معاہدوں پر دستخط کیے۔ دن کے اختتام پر صدر دروپدی مرمو کی جانب سے صدارتی محل میں سرکاری عشائیہ دیا جائے گا، جس میں اعلیٰ حکام اور روسی وفد شرکت کرے گا۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

متاثر ہیں۔ بہت سے لوگوں کو خوراک کی قلت کا سامنا ہے جن کے ہاتھ میں نقدی نہیں ہے اور ان کے پاس تمام وسائل ختم ہوچکے ہیں۔ اسی نوعیت کا انسانی بحران پاکستان میں بھی برقرار ہے جہاں سیکڑوں ڈرائیور بغیر خوراک، پناہ گاہ یا ضروری امداد کے سرحدی مقامات پر محصور ہوچکے ہیں۔ پاک افغان جوائنٹ چیمبر نے کینو کی برآمدی بحران کی جانب توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ وزارت تجارت کے طلب کردہ حالیہ اجلاس کے بعد، اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے ایران کے زمینی راستے سے ایران اور وسط ایشیا کے ممالک کو برآمدات کے لیے فنانشل انسٹرومنٹ کی ضرورت سے استثنیٰ دینے کی درخواست کو مسترد کردیا ہے جس کے نتیجے میں کینو کے برآمد کنندگان اب کسی قابل عمل ادائیگی کے طریقہ کار کے بغیر رہ گئے ہیں۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اسلام آباد میں اپنے مصری ہم منصب ڈاکٹر بدر احمد محمد عبدالعاطی کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتائی۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان اور مصر کے درمیان تجارت کا حجم تقریباً 300 ملین ڈالر رہے، جسے بڑھانے کے لیے دونوں فریقین نے بہت توجہ کے ساتھ بات چیت کی۔ اسحاق ڈار کے مطابق ایف پی سی سی آئی اور چیمبرز آف کامرس کی مشاورت سے 250 پاکستانی بزنس ہاؤسز کی فہرست تیار کی جائے گی جو مختلف معاشی شعبوں کی نمائندگی کریں گے۔ مصر ان اداروں کو وائٹ لسٹ میں شامل کرے گا، جس کے بعد ان کاروباری افراد کو بزنس ویزوں کے حصول میں درپیش تاخیر کا مسئلہ بڑی حد تک ختم ہوجائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ چھ ماہ کے اندر مزید 250 کاروبار اس فہرست میں شامل کر کے مجموعی تعداد 500 تک پہنچا دی جائے گی، جس کے بعد پاکستان۔ مصر بزنس کونسل قائم کی جائے گی تاکہ نجی شعبوں کے درمیان ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دیا جا سکے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ 2026 کی دوسری سہ ماہی میں دونوں وزرائے خارجہ کی مشترکہ صدارت میں پاکستان۔ مصر بزنس فورم کا پہلا اجلاس قاہرہ میں منعقد ہوگا۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ 2010 کے بعد سے دونوں ممالک کی جوائنٹ منسٹریل کمیشن کا اجلاس نہیں ہو سکا، تاہم طے کیا گیا ہے کہ 2026 کی پہلی سہ ماہی میں اعلیٰ حکام کی سطح پر سیاسی مشاورت ہوگی۔ مصر کی جانب سے ایک اسسٹنٹ منسٹر جبکہ پاکستان کی طرف سے سیکرٹری خارجہ اس عمل کی قیادت کریں گے۔ اسحاق ڈار نے بتایا کہ مصر نے پاکستانی طلبہ کے لیے جامعہ الازہر میں اسکالرشپس کی تعداد دگنی کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ اسکالرشپس بنیادی طور پر قرآنی تعلیم، انتہاپسندی کے خلاف فکری تربیت اور امن کے فروغ سے متعلق کورسز پر مشتمل ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان سیاسی، اقتصادی، دفاعی اور ثقافتی تعاون کو بڑھانے پر اتفاق کیا گیا ہے، جبکہ خطے کی صورتحال خصوصاً غزہ میں انسانی بحران پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ مصری وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی نے پاکستان کو اپنا دوسرا گھر قرار دیتے ہوئے دہشت گردی کے حالیہ واقعات پر تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ دونوں ممالک کو مشترکہ چیلنجز کا سامنا ہے جن سے نمٹنے کے لیے باہمی تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مصر، پاکستان کے ساتھ اقتصادی، سکیورٹی، سیاسی اور ثقافتی شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے موجودہ میکنزم کو از سرنو فعال کرے گا۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

ٹیم کی تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ حادثہ پائلٹ کی ممکنہ لاپرواہی کے باعث پیش آیا، تاہم بھارتی حکام اب بھی بلیک باکس ڈیٹا تک مکمل رسائی دینے سے گریزاں ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر حادثے کی وجہ پائلٹ کی غلطی تھی، تو بلیک باکس ڈیٹا چھپانا کسی صورت بھی خودمختاری نہیں بلکہ مبینہ طور پر سکیورٹی کے خدشات کو جنم دیتا ہے۔ امریکی جریدے دی ٹیلی گراف نے اپنی رپورٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ امریکی ایرواسپیس ماہرین کے مطابق طیارے کی تباہی میں انسانی مداخلت کا امکان موجود ہے۔ رپورٹ کے مطابق بلیک باکس ڈیٹا میں یہ بھی ظاہر ہوا کہ کاک پٹ میں موجود کسی فرد نے انجن کا فیول سپلائی سسٹم خود بند کیا تھا۔ رپورٹ مزید کہتی ہے کہ امریکی تفتیشی ٹیم کو حادثے کے ملبے کی تصاویر لینے سے روکا گیا اور کچھ شواہد ان کے پہنچنے سے پہلے ہی غائب کیے گئے۔ علاوہ ازیں بھارتی حکام نے ماہرین کو کاک پٹ وائس ریکارڈر اور فلائٹ ڈیٹا کے مکمل تجزیے تک رسائی بھی نہیں دی۔ دی ٹیلی گراف اور وال اسٹریٹ جرنل دونوں نے اپنی رپورٹس میں اس خدشے کا اظہار کیا ہے کہ حادثہ ممکنہ طور پر دانستہ طور پر کیا گیا ہے۔ امریکی اداروں کے مطابق بھارتی عدالتوں اور تفتیشی نظام کی شفافیت پر اعتماد نہ کیے جانے سے تحقیقات مزید مشکوک ہوگئی ہیں، اور حادثے کی اصل وجوہات کے تعین کے لیے بین الاقوامی سطح پر مزید شفافیت ضروری ہے۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

ٹرانسپورٹرز سے بھی مشاورت نہیں کی گئی، ڈرائیورز کی تذلیل کی جارہی ہے، گاڑیاں بند کی جارہی ہیں، اتنے بھاری جرمانے ہیں کہ ہمارا 80 فیصد کام رک چکا ہے۔ نبیل طارق نے کہا کہ ہمارا سامان ہمارے گوداموں میں پڑا ہے، کوئی ڈرائیور لے کر جانے کو تیار نہیں، ٹریفک آرڈیننس کو فوری واپس لیا جائے، تمام ٹرانسپورٹرز خوف کے عالم میں ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمارے کاروبار تباہ ہو رہے ہیں، ہم کیسے اس نظام کے ساتھ چلیں، ٹریفک پولیس پیٹرولنگ اور تھانہ پولیس کی جانب سے چالان ٹارگٹ کو ختم کیا جائے، لاہور میں پیرافورس اور کارپوریشن کی جانب سے ناجائز جرمانوں کو ختم کیا جائے۔ انہوں نے پریس کانفرنس کے دوران مزید کہا کہ سیکرٹری آر ٹی اے اور محکمہ ماحولیات کی جانب سے ناجائز جرمانے بند کیے جائیں، پاسنگ کی سہولت تمام سرکاری اڈوں پر مہیا کی جائے، لاہور میں نئے ٹرک سٹینڈز کے لیے جگہ مہیا کی جائے، منی مزدا کے لیے پورے پنجاب میں کوئی سٹینڈ نہیں ان کے لیے بھی جگہ دی جائے، ہمارے منسوخ شدہ 7500 مزدوں کو بحال کیا کائے۔ نبیل طارق نے مزید کہا کہ روٹ پرمٹ جاری کرنے کا ایک خاص ٹائم فریم مقرر کیا جائے، روٹ پرمٹ کی مدت تین سال کی جائے، موٹروے پر بھی ٹارگٹ چالان بند کیے جائے، ٹول میں اضافہ واپس لیا جائے، موٹر وے پر بڑھتی ہوئی ڈکیتوں کو روکا جائے، ایکسل لوڈ کے نظام کو پورے ملک میں یکساں کیا جائے، کچے کے علاقے کے قریب ڈکیتیوں کو روکا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہائی ویز اور جی ٹی روڈ پر غیرضروری ٹول پلازے ختم کیے جائیں، کسٹم کی ناجائز چیکنگ بند کی جائے۔ آل پاکستان پبلک ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی کے صدر عصمت اللہ نیازی نے کہا کہ ہم پنجاب بھر میں آٹھ دسمبر سے کاروبار بند کر دیں گے، حکومت کو مطالبات کی منظوری کے لیے چار روز کا ٹائم دے رہے ہیں، ہمارے ہڑتال تب تک جاری رہے گی جب تک ہمارے مطالبات تسلیم نہ ہوئے عصمت اللہ نیازی نے کہا کہ ہمیں جیلوں کیں جانا پڑا تو جائیں گے، ہم نے ابھی پنجاب میں ہڑتال کی بات کی ہے اگر مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو پورے پاکستان میں ٹرانسپورٹ بند کریں گے۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ پاکستان کا وقار ہم سب کا وقار ہے۔ کوئی بھی مسافر جو وطن کی بے عزتی کرے اسے سفر کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ یہ پیشرفت اس وقت سامنے آئی ہے جب سوشل میڈیا پر کچھ پوسٹ میں مسافروں کو بلا جواز اتارنے کے دعوے کیے گئے تھے۔ فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے جاری بیان میں سوشل میڈیا کے دعووں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ پوسٹ من گھڑت اور گمراہ کن ہیں اور عوام میں بلاوجہ تشویش پیدا کرنے کے لیے تیار کی گئی ہیں۔ ایجنسی نے کہا تھا کہ انہوں نے کسی بھی ایسے مسافر کو نہیں اتارا جس کے سفری دستاویزات مکمل ہوں اور سفر کا مقصد جائز ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسافروں کی تحفظ اولین ترجیح ہے۔ ایف آئی اے نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ غیر قانونی ایجنٹس پر اعتماد نہ کریں اور مکمل اور تصدیق شدہ دستاویزات کے ساتھ سفر کو یقینی بنائیں۔ محسن نقوی کی ایف آئی اے کی کارکردگی کی تعریف وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے امیگریشن کاونٹرز پر مسافروں کی ٹریول ہسٹری کو شناختی کارڈز اور پاسپورٹس سے منسلک کرنے کے نظام کا مشاہدہ کیا۔ انہوں نے تیز رفتار سسٹم پر ڈائریکٹر ایف آئی اے علی ضیا اور انکی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے مسافروں سے ملاقات کی اور امیگریشن کے عمل کے دوران درپیش وقت اور تجربے کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ وزارت کے بیان کے مطابق مسافروں نے اطمینان کا اظہار کیا، بعض نے وفاقی وزیر کو بتایا کہ یہ عمل صرف دو منٹ میں مکمل ہوا۔ انہوں نے بہتری کا سہرا وفاقی وزیر کی بار بار ائرپورٹ کی دوروں کو بھی دیا۔ علی ضیا اور دیگر متعلقہ حکام بھی وفاقی وزیر کے دورے کے دوران موجود تھے۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

پرٹیکسز سے متعلق معاملے کو اگلی بیٹھک تک مؤخر کرتے ہوئے چیئرمین ایف بی آر کو بھی طلب کرلیا گیا۔ رکن قومی اسمبلی سید نوید قمر کی زیرصدارت ہونیوالے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں رکن کمیٹی علی قاسم گیلانی کا کہنا تھا کہ موبائل لانے سے متعلق کچھ مسائل پی ٹی اے اور کچھ ایف بی آر سے متعلق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امپورٹڈ موبائل سے متعلق معاملہ صرف اوورسیز کا نہیں بلکہ لاکھوں پاکستانیوں کا بھی ہے، اوورسیز پاکستانی اپنا فون لے کر آتے ہیں اور ہم انہیں ایک فون لانے کی اجازت نہیں دیتے، باہر سے کوئی پاکستانی فون لے کر آتا ہے تو اس پر یہاں پھر سے ٹیکس لگ جاتا ہے۔ قاسم گیلانی نے کہا کہ موبائل فونز پر اتنا زیادہ ٹیکس عائد کردیا گیا کہ لوگ گرے فراڈ کی طرف جارہے ہیں، آج لوگوں نے دو موبائل رکھے ہوئے ہیں جن میں سے ایک پی ٹی اے اور دوسرا نان پی ٹی اے ہے۔ علی قاسم گیلانی نے کہا کہ موبائل فونز پر طرح طرح کے ٹیکسز اور بہت زیادہ ہیں، ہر طرح کے باقی ٹیکسز ری کلیم کئے جا سکتے ہیں مگر پی ٹی اے کے ٹیکس کو کلیم نہیں کیا جا سکتا۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

اکتوبر 2025 کے دوران درآمدات کی مالیت 113 ملین ڈالر تک پہنچ گئی جبکہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصہ میں جولائی تا اکتوبر 2024 کے دوران کاروں کی درآمدی مالیت 86.4 ملین ڈالر رہی تھی۔ اس طرح گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں رواں مالی سال کے ابتدائی چار مہینوں کے دوران کاروں کی ملکی درآمدات میں 26.6 ملین ڈالر یعنی 30.78 فیصد کی بڑھوتری ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

آگئے ہیں۔ مرکزی بینک نے بتایا کہ 28 نومبر کو ہفتے کے اختتام پر زرمبادلہ کے مجموعی ذخائر کی مالیت 19 ارب 58 کروڑ 85 لاکھ ڈالر کی سطح پر آگئی ہے۔ اسٹیٹ بینک نے مزید بتایا کہ کمرشل بینکوں کے پاس 5 ارب ایک کروڑ 37 لاکھ ڈالر کے ذخائر موجود ہیں جو مجموعی ذخائر کا حصہ ہیں۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

صرافہ مارکیٹوں میں فی تولہ سونے کی قیمت بھی 3 ہزار روپے کے اضافے سے 4 لاکھ 44 ہزار 462 روپے کی سطح پر آگئی۔ اسی طرح، فی دس گرام سونے کی قیمت 2 ہزار 572 روپے بڑھ کر 3 لاکھ 81 ہزار 064 روپے کی سطح پر آگئی۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

نیوز کو بتایا کہ کسٹم کی جانب سے کی جانے والی حالیہ کارروائیوں میں امپورٹ کردہ چھالیہ اور سگریٹیں بھی ضبط کی گئیں ہیں۔ جن کی گڈ ڈکلیئشنز اور تمام ضروری دستاویزات موجود ہیں۔ تاجر رہنما اقبال بھائی کا مزید کہنا تھا کہ سارا جوڑیا بازار تو اسمگل شدہ چھالیہ اور سگریٹس فروخت نہیں کر رہا ہے جبکہ گزشتہ 50،50 برس کے طویل ترین عرصے سے قائم دکانیں کراچی میں پیدا ہونے والے کاروباری افراد چلا رہے ہیں اور اب ان کی آئندہ نسلیں بھی یہاں قانونی کاروبار کر رہی ہیں۔ جبکہ پاکستانی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کرنے والا کراچی کا معروف ترین جوڑیا بازار اس طرح کی کارروائیوں کے باعث پیدا ہونے والے مالی دباؤ کو برداشت کرنے سے قاصر ہے۔ تاجر رہنما اقبال بھائی کا مزید کہنا تھا کہ ہم گزشتہ کئی برسوں سے بھتہ خوری، لوٹ مار، اغوا برائے تاوان، ڈکیتیوں، لوڈ شیڈنگ، انفرااسٹرکچر کی تباہی، چوری چکاری، چھینا جھپٹی کے ساتھ ساتھ ٹرانسپورٹ مافیا، پولیس، ٹریفک پولیس اور بلدیاتی اداروں سمیت کئی سرکاری محکموں کی زیادتیاں برداشت کرنے کے بعد بھی یہاں کاروبار کر رہے ہیں۔ اور اس قدر قربانی دینے کے باوجود ان کے اندھیروں میں مارے گئے چھاپے اب قابل برداشت نہیں ہے۔ میں چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل عاصم منیر صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ اسمگلنگ کے نام پر ان تاجروں کے ساتھ ایسا ظلم کرنے والے محکمہ کسٹمز کے افسران کو لگام دیں اور محکمہ کسٹمز کے اہلکار بھی پہلے اس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ جو مال وہ اٹھا کرلے جا رہے ہیں وہ حرام کا ہے یا حلال کا، تاجر رہنما اقبال بھائی کا مزید کہنا تھا کہ اس ملک میں لوگ ویسے ہی کاروبار کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں اور اس وقت جو لوگ اس ملک میں کاروبار کر رہے ہیں وہ کسی جہاد سے کم نہیں ہے۔ خدارا اپیکس کمیٹی کے لوگ اور عاصم منیر صاحب کی جانب سے تجارت کے فروغ کے لیے تشکیل دی جانے والی کمیٹیاں مجھ سے رابطہ کریں تاکہ پاکستان بالخصوص کراچی کے تاجر بلا خوف وخطر اس ملک میں کاروبار کر سکیں اور جو اس وقت سرمایہ کاری نہ ہونے کے برابر ہے اس کو بھی بڑھانے کے لیے میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہوں اور اللہ کی رضا کے لیے صحیح اور غلط کی نشاندہی کرتا رہوں گا لہذا محکمہ کسٹم کو چاہیے کہ چھالیہ اور سگریٹ سمیت دیگر اشیاء کے نام پر جوڑیا بازار میں جو چھاپہ مار کارروائیاں کی جا رہی ہیں۔ اس کے بجائے انڈونیشیا سے چلنے والی چھالیہ جن مخصوص راستوں کے ذریعے پاکستان تک لائی جاتی ہے، پہلے اس کی روک تھام کو یقینی بنائیں تاکہ پیسوں کے عوض اس کی سرپرستی کر کے ملکی معیشت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا جائے۔ تاجر رہنما اقبال بھائی کا مزید کہنا تھا کہ تمام زمینی حقائق میرے علم میں ہیں کہ بھاری رشوت کے عوض ان مخصوص راستوں کے ذریعے کس طرح اسمگل شدہ اشیاء کو پاکستان کی مختلف مارکیٹوں تک پہنچایا جا رہا ہے اس لیے محکمہ کسٹم اس کی روک تھام کے لیے اپنی خدمات انجام دے اور ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی اہمیت رکھنے والے جوڑیا بازار جیسی اہم ترین مارکیٹ کے تاجروں کو پریشان کر کے ملک سے بھاگنے پر مجبور نہ کیا جائے۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

۔ سروے کے مطابق صرف 18 فیصد پاکستانی معیشت کو مضبوط سمجھتے ہیں، جبکہ صرف ہر 5 میں سے ایک شہری ملک کی معاشی حالت کو بہتر تصور کرتا ہے۔ اسی طرح صرف 16 فیصد لوگ مستقبل میں سرمایہ کاری کیلیے پر اعتماد ہیں، مرد، نوجوان اور خوشحال طبقہ نسبتاً زیادہ پر اعتماد پایا گیا۔ آئپسوس نے سروے ایسے وقت میں جاری کیا ہے جب گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے حال ہی میں کہا تھا کہ موجودہ معاشی نمو کا ماڈل 25 کروڑ آبادی کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔ اسی طرح ایس آئی ایف سی کے کوآرڈینیٹر لیفٹیننٹ جنرل سرفراز احمد نے بھی اعتراف کیا کہ ملک کے پاس کوئی واضح "گروتھ پلان" موجود نہیں ہے۔ رپورٹ کے مطابق مجموعی اعتماد میں معمولی بہتری آئی ہے، لیکن یہ اب بھی پاک بھارت تنازع کے بعد پیدا ہونیوالی عارضی لہر کے مقابلے میں کم ہے اور صرف تنازع سے پہلے کی سطح تک پہنچ سکا ہے۔ سروے میں یہ بھی بتایا گیا کہ 89 فیصد پاکستانی گھریلو خریداری میں خود کو غیر مطمئن محسوس کرتے ہیں، تاہم خیبر پختونخوا کے شہری نسبتاً زیادہ پر اعتماد ہیں، جہاں یہ شرح 18 فیصد ہے، جبکہ ملک کے دیگر حصوں میں یہ اوسط 10 فیصد کے قریب ہے۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

اجلاس میں کیا گیا۔ وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا کہ اس اے آئی ایپ کے ذریعے حکام پہلے سے معلوم کرسکیں گے کہ کون سے مسافر سفر کے اہل ہیں اور کون نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب واپس بھیجے گئے افراد کے پاسپورٹس منسوخ کردیے جائیں گے تو یہ نظام اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ایسے افراد کو دوبارہ ویزا جاری نہ کیا جائے۔ اجلاس کے دوران غیر قانونی تارکین وطن اور ناقص دستاویزات رکھنے والے افراد کے حوالے سے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ای-ڈرائیونگ لائسنسز، پروٹیکٹر اسٹیمپس اور امیگریشن امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ محسن نقوی نے مزید کہا کہ نیشنل پولیس بیورو یکساں بین الاقوامی ڈرائیونگ لائسنس جاری کرے گا اور جعلی ویزا اور ایجنٹ مافیا کے خلاف صفر رواداری ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہم دیگر ممالک سے رابطے میں ہیں تاکہ پاکستانی پاسپورٹ کی رینکنگ کو بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی طریقوں سے بیرون ملک سفر کرنے والے لوگ ملک کی ساکھ کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ انہوں نے جعلی دستاویزات کے ساتھ سفر کرنے کی کوشش کرنے والے مسافروں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیا۔ اجلاس کے دوران، وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز نے کہا کہ وزارت مکمل تعاون کرے گی تاکہ پروٹیکٹر اور امیگریشن سسٹم کو بہتر بنایا جا سکے۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

ٹیکنالوجی سے آراستہ نیا وی پی ڈی بلاک کا افتتاح کردیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے این ا؟ ئی سی وی ڈی کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آپ نے مفت عالمی معیار کو برقرار رکھ کر دنیا بھر میں نام روشن کیا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اٹھارہویں ترمیم اور مالی وسائل کے حوالے سے باتیں بنائی جاتی ہیں مگر انہیں این ا؟ ئی سی وی ڈی، جے پی ایم سی اور این ا؟ ئی ایچ جیسے اداروں کی کامیابیاں نہیں نظر آتیں، پیپلز پارٹی اپنے منشور کے مطابق عوام کو جدید اور مفت علاج کی سہولیات گھروں کی دہلیز پر فراہم کر رہی ہے۔ بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ حکومت کے کچھ وزرا وفاق کے بحران کی بنیاد پر اٹھارہویں ترمیم کے بعد صوبوں کو ملنے والے وسائل اور اختیارات واپس لینا چاہتے ہیں، یہ بحران اور مشکلات ہم سب کی ہیں جن سے ملکر لڑنا ہوگا۔

بقیہ 18 تجارت نیوز

رائل کامن ویلتھ سوسائٹی یوکے نے 1883 میں شروع کیا جو کہ دنیا کا قدیم ترین بین الاقوامی تحریری مقابلہ ہے۔ اس سال "ہماری دولت مشترکہ کا سفر" کے موضوع سے متعلق شرکاء کو جغرافیائی، تاریخی یا ذاتی سفر پر غور کرنے کا چیلنج دیا گیا تھا۔ سینئر کیٹیگری میں، 14 سے 18 سال کی عمر کے لیے، زینب نے اپنے مضمون میں غیر معمولی تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا جس کا عنوان تھا "قومی لیجنڈز اور لوک داستان ہمیں تاریخ اور ثقافت کے سفر پر لے جا سکتے ہیں۔ زینب نے سوہنی ماہیوال کی مشہور محبت کی کہانی کو منفرد انداز میں تصور کرتے ہوئے اپنی تحریر قلمبند کی۔ زینب اس سے قبل اس مقابلے کی جونیئر کیٹیگری میں چاندی اور کانسی کے ایوارڈز حاصل کر چکی ہے۔ رائل کامن ویلتھ سوسائٹی نے زینب کو اس شاندار کامیابی پر مبارکباد دی ہے جو پاکستان کے لیے باعث فخر ہے۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

ایڈیشنل آئی جی کراچی ریجن، زونل ڈی آئی جیز، ڈی آئی جی سکھر، لاڑکانہ، حیدرآباد، میرپور خاص اور شہید بے نظیر آباد ڈی آئی جی سی آئی اے، ڈی آئی جی ٹریفک کراچی، حیدرآباد ضلعی ایس ایس پیز اور ایس پی اے وی ایل سی کو ایک مراسلہ ارسال کیا گیا ہے۔ مراسلے میں بتایا گیا کہ حالیہ مشاہدے میں یہ بات سامنے آئی ہے صوبے بھر میں بڑی تعداد میں گاڑیاں بغیر نمبر پلیٹس سڑکوں پر رواں دواں ہیں جبکہ متعدد ڈرائیور بغیر لائسنس کے گاڑیاں چلا رہے ہیں، تمام پولیس افسران کو ہدایت جاری کی جاتی ہے کہ ایسی گاڑیوں کی فوری نشاندہی کی جائے اور موٹر وہیکل آرڈیننس کے تحت سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور قانون کی سختی سے تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے سڑکوں پر چلنے والی ایسی گاڑیوں کے خلاف ایک جامع کریک ڈاؤن شروع کیا جائے۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

کے لیے قائم سرکاری سب ورکنگ گروپ کی تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ شہباز شریف نے اعتراف کیا کہ پاکستان کے کسٹمز فریم ورک میں برسوں سے موجود مسائل نے صنعتی ترقی کو متاثر کیا ہے اور عالمی منڈیوں میں ملکی مسابقت کو کمزور کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرسودہ نظام ملک کو کمزور کر رہا ہے اور نظام کے غیر موثر ہونے پر تشویش کا اظہار کیا جن کے باعث بدعنوانی پنپنے کا موقع ملا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر جدیدیت اور سخت نفاذ نہ کیا گیا تو پاکستان سالانہ اربوں روپے کا نقصان اٹھاتا رہے گا، کیونکہ کسٹمز افسران پر اسمگلروں اور ٹیکس چوری میں ملوث عناصر سے گٹھ جوڑ کے الزامات لگتے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک مؤثر اصلاحات متعارف نہیں کرائی جاتیں، صنعتیں بھاری ٹیرف اور غیر متوقع سرکاری رکاوٹوں کا سامنا کرتی رہیں گی۔ وزیراعظم نے زور دیا کہ اگر ہمیں صنعتی پیداوار کو بحال کرنا ہے اور برآمدات میں اضافہ کرنا ہے تو کسٹمز نظام میں بنیادی تبدیلی لانا ہوگی۔ ہم اس ناقص اور فرسودہ نظام کے باعث ہونے والے اربوں کے نقصان کو مزید نظر انداز نہیں کر سکتے جو چند افراد کو فائدہ پہنچاتا ہے اور پوری معیشت کو نقصان دیتا ہے۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

خوراک کے بیوروکریٹک مفادات کو پورا کرنے کے لیے دوبارہ ترتیب دیا گیا ہے، اس طرح حکومت کی پالیسی کی سمت اور ڈپٹی پرائم منسٹر/وزیر خارجہ کے فیصلوں کی غلط ترجمانی کی جارہی ہے۔ ذرائع کے مطابق ڈپٹی پرائم منسٹر اسحاق ڈار کو لکھے گئے ایک خط میں، اپٹما نے کہا کہ یہ میٹنگ پاکستان کے کاٹن سیکٹر کی بحالی کے لیے ایک اہم موڑ کی حیثیت رکھتی ہے۔ تاہم ایسوسی ایشن نے وزارت خوراک کی جانب سے جاری کیے گئے منٹس پر شدید احتجاج کیا اور الزام لگایا کہ یہ منٹس حقیقی کارروائی سے نمایاں طور پر انحراف کرتے ہیں اور اجلاس کے دوران ڈپٹی وزیراعظم کی واضح ہدایات کے تحت لیے گئے کئی اہم فیصلوں کو شامل نہیں کرتے۔ خط کے مطابق جاری کردہ دستاویز اجلاس کے دوران طے پانے والی حقیقی روح، ہدایات اور اتفاق رائے کی عکاسی کرنے میں ناکام رہی ہے اور اس کے بجائے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسے وزارت خوراک کے بیوروکریٹک مفادات کو پورا کرنے کے لیے دوبارہ ترتیب دیا گیا ہے، جس سے حکومت کی پالیسی کی سمت اور چیئر کے فیصلوں کی غلط ترجمانی کی گئی ہے۔ اپٹما کا دعویٰ ہے کہ ڈپٹی وزیراعظم کی جانب سے ادارہ جاتی اصلاحات اور پاکستان سینٹرل کاٹن کمیٹی (پی سی سی سی) میں نمائندگی سے متعلق ہدایات منٹس میں غلط بیان کی گئی یا حذف کردی گئی ہیں۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

کے خسارے کے طور پر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ نومبر 2025 کے دوران تجارتی خسارہ سالانہ بنیاد پر بڑھ گیا جس کی وجہ درآمدات میں اضافہ اور برآمدات میں نمایاں کمی ہے۔ نومبر 2025 میں برآمدات 2.39 ارب ڈالر ہیں جو نومبر 2024 میں ریکارڈ 2.83 ارب ڈالر کے مقابلے میں 15.4 فیصد کم ہیں۔ دوسری جانب درآمدات 5.25 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئیں جو پچھلے سال کے اسی عرصے میں 4.98 ارب ڈالر کے مقابلے میں 5 فیصد سے زیادہ اضافہ ظاہر کرتی ہیں۔ نومبر 2025 میں تجارتی خسارہ ماہانہ تقریباً 12 فیصد کم ہو کر 3.24 ارب ڈالر رہا، یہ کمی برآمدات اور درآمدات دونوں میں ماہانہ کمی کے باعث ہوئی۔ رواں مالی سال 2025-26 کے پہلے 5 ماہ (جولائی تا نومبر) کے دوران تجارتی خسارہ 37 فیصد سے زائد بڑھ کر 15.47 ارب ڈالر تک پہنچ گیا، یہ پچھلے سال کے اسی عرصے میں 11.28 ارب ڈالر تھا۔ پہلے 5 ماہ میں برآمدات 6 فیصد سے زائد کم ہو کر 12.84 ارب ڈالر رہیں جو پچھلے سال کے اسی عرصے میں 13.72 ارب ڈالر تھیں۔ رواں مالی سال جولائی تا نومبر درآمدات 13 فیصد بڑھ کر 28.3 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 25 ارب ڈالر تھیں۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

افسران نے جانچ پڑتال کے دوران ایم ڈی ایم اے (Ecstasy) کی 9,455 گولیاں ضبط کرلیں جن کی مالیت 29 کروڑ 97 لاکھ 91 ہزار روپے ہے۔ منشیات جرمنی سے موصولہ ایک پارسل میں موجود اسپیکرز اور ایک آئی ڈی لیمپس کے اندر چھپائی گئی تھی۔ اس کھیپ کو غلط طور پر کپڑے، جرابیں اور میوزک باکسز کے طور پر ظاہر کیا گیا تھا۔ کسٹمز حکام نے اسمگلنگ کی اس کوشش میں ملوث وصول کنندگان اور سہولت کاروں کی نشاندہی کے لیے مزید تحقیقات شروع کردی ہیں۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

پیدا ہوگیا۔ یہ مسلسل تیسرا دن ہے جب کسی پرواز میں بم رکھے جانے کی اطلاع پر منسوخی کا سامنا کرنا پڑا ہو۔ جس کے بعد سے بڑے پیمانے پر پروازوں کی منسوخی اور تاخیر جاری رہی۔ بھارتی ایئرلائن نے اعتراف کیا کہ پروازوں کی معمول کی بحالی 10 فروری 2026 سے پہلے ممکن نہیں ہے۔ سب سے زیادہ دہلی اور چنئی کے ایئرپورٹس متاثر ہوئے جہاں آدھی رات کو پروازیں منسوخ ہونے سے ہزاروں مسافر رل گئے۔ ایئرپورٹس پر افراتفری مچ گئی اور مسافروں کے احتجاج کے باعث کان پڑی آوازیں سنائی دینے لگیں۔ انتظامیہ مکمل طور پر بے بس ہوگئی۔ ایئرلائن کمپنی انڈیگو نے مسافروں سے درخواست کی ہے جب تک ایئرپورٹ آنے کے لیے تصدیقی کال نہ کی جائے۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

نمائندوں نے حکومت کو سیکٹر کے سامنے موجود چیلنجز سے آگاہ اور خبردار کیا کہ استعمال شدہ گاڑیوں کی غیر منظم آمد ورفت سے مقامی پیداوار کی ترقی متاثر ہو سکتی ہے۔ پاکستان آٹو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی اے ایم اے) نے زور دیا کہ ٹیکس اصلاحات اور استعمال شدہ کاروں کی درآمدات پر سخت کنٹرول پیداوار کو مستحکم کرنے کے لیے ضروری ہیں۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

، ایس ایس پی، ڈی ایس پی اور اسسٹنٹ کمشنر شرقی شامل ہیں، ان سے چارج لے کر انہیں ایس اینڈ جی ڈی رپورٹ کرنے کا کہا گیا ہے۔ جس کے بعد ان افسران کی تنخواہ، سرکاری گاڑی، پیٹرول، ڈرائیور اور تمام مراعات برقرار رہیں گی۔ صرف ان کا عہدہ اور فنڈز پر اختیار وقتی طور پر ختم ہوا ہے تو دوسری جانب واقع کے ذمہ دار چھوٹے درجے کے ایکس کیڈر افسران کو معطل کردیا گیا ہے۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

کا انعقاد کیا، جس کا مقصد معذور افراد (PWDS) کے لیے تعلیم، مہارت کی ترقی اور روزگار کے مواقع کو فروغ دینا تھا۔ یہ ایک کثیر فریقی مشاورتی اجلاس تھا جس کا ہدف پاکستان بھر میں شمولیتی تعلیم، ہنر مندی اور ملازمت کے مواقعوں کو تیز تر بنانا تھا۔ یونی لیور پاکستان کے ہیڈ آفس میں منعقدہ اجلاس کے شرکا نے معذور افراد کی صلاحیتوں کو ملکی مستقبل کی افرادی قوت میں شامل کرنے کے لیے عملی حل تلاش کیے اور تعلیمی و پیشہ ورانہ ماحول میں مساوی رسائی کے فروغ کے لیے درکار نظامی اصلاحات پر غور کیا۔ یونی لیور پاکستان کی ہیومن ریسورس ہیڈ صنم شیخ نے کہا کہ معذور افراد کو آج بھی مسلسل عدم مساوات کا سامنا ہے۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

پہلے نجی شعبہ کا ایکسپو منعقد کیا گیا جس میں یواے ایس اور کاؤنٹر یواے ایس ٹیکنالوجی پر سیمینار کیے گئے۔ سیمینار کا انعقاد وزارتِ دفاعی پیداوار اور DEPO کے اشتراک سے 3 اور 4 دسمبر کو NUST کیمپس اسلام آباد میں ہوا۔ افتتاحی تقریب میں 50 سے زائد کمپنیوں نے شرکت کی۔ سیمینار میں بغیر پائلٹ طیارے (UAS) اور ٹیکنالوجیز و سسٹمز کی ڈیزائننگ، تیاری اور معاونت کے حوالے سے ملکی مہارت کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔ سیمینار نے تعلیمی اداروں اور صنعت کے درمیان مضبوط تعاون کو فروغ دیا۔ سیمینار نے سرکاری اور نجی شعبے کے شراکت داروں کے ساتھ رابطے بڑھانے کے لیے مؤثر پلیٹ فارم فراہم کیا۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

بھر کے شہروں میں رہنے، گھومنے اور جینے کے معیار کو جانچتا ہے۔ اسی پس منظر میں نے 2025 کے لیے 100 بہترین شہروں کی فہرست جاری کردی۔ یہ ایک ایسی درجہ بندی ہے جو سیاحت، استحکام، معاشی کارکردگی، صحت اور سیکیورٹی سمیت کئی پیمانوں پر شہروں کو جانچتی ہے۔ رواں برس اس فہرست میں پیرس نے سب کو پیچھے چھوڑ کر پہلی پوزیشن حاصل کرلی جو واقعی دنیا بھر کے مسافروں اور رہائشیوں کو اپنی چمک دمک سے متاثر کیے بغیر نہیں رہتا۔ اس فہرست میں دوسرے نمبر پر لندن کو جگہ ملی جو ہمیشہ کی طرح عالمی فہرستوں کا مستقل حصہ رہا ہے۔ ٹوکیو، میلان، بارسلونا، نیویارک اور ایمسٹرڈیم بھی شامل ہیں۔ مگر اصل دلچسپی اس بات میں ہے کہ ایشیا میں کون سا شہر سب سے آگے نکلا؟ عالمی فہرست میں تیسرے نمبر پر آنے والا ٹوکیو ایشیا کا سب سے بہترین شہر قرار پایا۔ ٹوکیو کو یہ اعزاز کیوں نہ ملتا کہ اپنی بے مثال صفائی، جدید ٹیکنالوجی، محفوظ ماحول اور منفرد ثقافت کے باعث یہ شہر سب سے منفرد اور یکتا ہے۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

زیادہ رفتار 25 کلومیٹر فی گھنٹہ ریکارڈ ہوئی ارلی وارننگ سینٹر کی پیش گوئی کے مطابق یخ بستہ ہواؤں کے سبب شہر کے درجہ حرارت میں ایک تا دو ڈگری کمی متوقع ہے، آج کم سے کم درجہ حرارت 10 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر سکتا ہے، بدھ کو شہر کا کم سے کم درجہ حرارت 12.5 ڈگری جبکہ زیادہ سے زیادہ 28.4 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

اخلاق یوسف زئی سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے، میئر کراچی نے وفد کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ کے ایم سی شہر میں بلدیاتی خدمات کی فراہمی کا مرکزی ادارہ ہے جبکہ واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ بھی میئر کے انتظامی کنٹرول میں ہیں جس سے شہر میں ترقیاتی عمل میں تیزی آئی ہے، انھوں نے کہا کہ سندھ حکومت کے بھرپور تعاون سے شہر بھر میں ترقیاتی منصوبوں کا پورا نیٹ ورک قائم کر دیا گیا ہے اور مزید ترقیاتی منصوبے جلد عوام کے سامنے لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

شوہر کو مارچ کے مہینے میں ایف آئی اے نے ایک نجی بینک میں کروڑوں روپے کی مبینہ خرد برد اور مشکوک ٹرانزیکشنز کا معاملہ سامنے آنے پر حراست میں لیا تھا۔ نادیہ حسین کے شوہر پر بینک کے 80 کروڑ روپے کا غلط استعمال کر کے ذاتی کاروبار کے لیے 65 کروڑ 40 لاکھ روپے کے فنڈز تیسری پارٹی سے وصول کرنے کا الزام تھا۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

ڈی آئی جی کی سفارش پر شہر میں رکشوں کی آمدورفت محدود کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ شاہراہ فیصل سے آئی آئی چندریگر روڈ تک رکشوں کی مکمل ممانعت فوری طور پر نافذ العمل کی جائے۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

معاہدے کے تحت کے جی ٹی ایم ایل ایک فوڈ گریڈ صاف بلک سہولت کے ڈیزائن اور تعمیر میں سرمایہ کاری کرے گا، جس میں جدید ہینڈلنگ اور کنویئر سسٹم اور دیگر ضروری بنیادی ڈھانچہ شامل ہوگا، تاکہ خشک زرعی بلک کارگو کی مؤثر ہینڈلنگ اور ذخیرہ ممکن ہو سکے۔ کمپنی کے مطابق ایل ڈی سی نے زرعی اجناس کی مستحکم ان باؤنڈ سپلائی فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ایل ڈی سی اس نئی سہولت کے ذریعے پاکستان میں اپنی موجودگی کو مزید بڑھانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ یہ سرمایہ کاری ان 75 ملین ڈالر کے علاوہ ہے جو اے ڈی پورٹس گروپ پہلے ہی کے جی ٹی ایم ایل منصوبے کے ابتدائی مرحلے کے لیے مختص کر چکا ہے۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

میں اسپتال منتقل کردیا، 3 مزید ایس بی سی اے کے ملازمین کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا، ایس بی سی اے کے ملازمین کی بڑی تعداد اسپتال پہنچ گئی جہاں طبی امداد دی جارہی ہے محکمہ ڈیمالیشن کی ٹیم دوبارہ پولیس کی بھاری نفری کے ساتھ انہدامی کارروائی کے لیے پہنچی تو وہاں موجود افراد نے ایس بی سی اے کی ٹیم پر پولیس کے سامنے اسلحہ تان لیا جس کے بعد پولیس نے مداخلت کی، ایس بی سی اے حکام کا کہنا ہے کہ ایڈمن سوسائٹی میں پلاٹ نمبر 190 بی بلاک تھری کے اے ای سی ایچ سوسائٹی پر تیسری منزل غیر قانونی طور پر تعمیر کی جارہی ہے جس کو مسمار کرنے کے لیے پہنچے تو وہاں افراد نے عملے کو تشدد کا نشانہ بنایا پولیس کے سامنے ملازمین پر اسلحہ تان لیا، ایس بی سی اے حکام کا کہنا تھا کہ ہر صورت غیر قانونی تعمیرات کو مسمار کیا جائے گا اور ملازمین پر تشدد کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائیگی، انھوں نے بتایا کہ تمام صورتحال سے ڈی جی ایس بی سی اے اور وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ کو رپورٹ ارسال کردی گئی، ذرائع کا کہنا ہے کہ رات گئے تک ایس بی سی اے کا عملہ وہاں موجود رہا لیکن مشتعل افراد نے انہدامی کارروائی کرنے نہیں دی۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

گیا ہے تاکہ ملکی صنعت اور معیشت میں رہی دستاویزی شعبے کی سہولت یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ڈھانچہ جاتی اصلاحات کو ادارہ جاتی اصلاحات کے برابر اہمیت دی جائے گی۔ وزیرخزانہ نے بتایا کہ جولائی تا اکتوبر (2025-26) کے پہلے چار ماہ کے دوران لارج اسکیل مینوفیکچرنگ میں 4.2 فیصد اضافہ ہوا ہے، جس سے ملکی معیشت اور مقامی سرگرمیوں میں بہتری کا عندیہ ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس عرصے میں سیمنٹ کی پیداوار 16 فیصد، کھاد 9 فیصد، پٹرولیم مصنوعات 4 فیصد، گاڑیوں کی تیاری 31 فیصد اور موبائل فونز کی فروخت و پیداوار 26 فیصد بڑھ گئی۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

، عطاءاللہ تارڑ، اعظم نذیر تارڑ، سردار اویس لغاری، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، وزیراعظم کے مشیر محمد علی، معاون خصوصی ہارون اختر اور سینئر حکام نے شرکت کی۔ بولی میں شامل تمام اداروں کے نمائندے بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت قومی ایئرلائن کی کھوئی ہوئی ساکھ بحال کرنے اور اسے جدید ایوی ایشن اور سروس کے معیار کے مطابق ڈھالنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نجکاری کا عمل پی آئی اے کو بحال کرنے اور اسے ایک مسابقتی ایئرلائن بنانے کے لیے خوش اسلوبی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ مستقبل کی انتظامیہ پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم نے مزید کہا کہ انشاء اللہ پی آئی اے ایک بار پھر اپنے نعرے گریٹ پیپل ٹو فلائی ود پر پوری اترے گی۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

والی گاڑیوں کے ڈرائیورز کے خلاف سخت قانونی اقدامات اور مسلسل خلاف ورزی پر اضافی کارروائی کی جائے گی ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق انٹر سٹی بسیں صرف اور صرف سہراب گوٹھ بس ٹرمینل اور کراچی بس ٹرمینل تک محدود ہیں شہر کے اندر انٹرسٹی بس کا داخلہ ٹریفک میں رکاوٹ حادثات کے خطرات اور شہریوں کی مشکلات میں اضافے کا باعث بنتا ہے تمام ٹرانسپورٹ آپریٹر کو سختی سے ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ صرف مقررہ ٹرمینلز کا استعمال کریں

بقیہ 39 تجارت نیوز

پی ایم ڈی سی ان تین سرکاری اداروں میں شامل ہے جنہیں نجکاری پروگرام میں شامل کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔ دیگر دو میں سینڈک میٹلز لمیٹڈ (ایس ایم ایل) اور نیشنل انشورنس کمپنی لمیٹڈ (این آئی سی ایل) شامل ہیں۔ بورڈ نے اپنے 243ویں اجلاس میں 3 ایس او ایز کو فعال نجکاری پروگرام میں شامل کرنے کی سفارش کی اور بورڈ کی انویسٹمنٹ کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر 2 ایس او ایز کو فہرست سے نکالنے کا مشورہ دیا۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

کے مطابق پی ٹی اے نے پی ٹی سی ایل سے باضابطہ طور پر یہ پوچھا تھا کہ آیا وہ ان شرائط کو قبول کرے گا جو ریگولیٹر نے مرجر اور ایکوزیشن کے عمل کے ساتھ منسلک کی ہیں بعد ازاں پی ٹی سی ایل نے بغیر کسی شرط کے ان شرائط کو تسلیم کرنے کا فیصلہ پی ٹی اے کو بتا دیا جس سے وہ ہزار ریگولیٹری مرحلہ عبور ہوگیا جو کئی ماہ سے رکا ہوا تھا۔ یہ پیش رفت اربوں روپے کی اس لین دین کے آخری ریگولیٹری عمل کی راہ ہموار کرتی ہے، جس سے اگلے اسپیکٹرم نیلامی سے قبل مارکیٹ میں مقابلے کے ڈھانچے میں تبدیلی کی توقع ہے۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

ٹریفک کے لیے رکاوٹ بننے والی سڑکوں پر غیر قانونی پارکنگ کی روک تھام کے لیے مختلف اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا گیا ٹریفک کے دباؤ کا سبب بننے والی پارکنگ کے حوالے سے تجارتی عمارتوں کی بیسمنٹ پارکنگ کو فعال بنانے اور شاپنگ مال کی بیسمنٹ پارکنگ کی وجہ سے پیدا ہونے والے ٹریفک دباؤ کو دور کرنے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا، ڈپٹی کمشنر جنوبی جاوید نبی کھوسو نے بتایا کہ صدر میں 22 تجارتی عمارتوں کی بیسمنٹ پارکنگ سے تجاوزات ختم کرکے پارکنگ کے لیے خالی کرائی گئی ہیں تاہم بجلی سے محرومی سی ٹی وی کیمرے اور نگرانی کرنے والے عملے کی عدم موجودگی کے باعث شہری اور خود دکاندار اپنی گاڑیاں پارک کرنے سے گریز کر رہے ہیں۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

لوڈشیڈنگ اور ایکسپریس فیڈر بنانے کے اقدامات کرنے کا اعلان کیا گیا۔ گولڈن بینکوئٹ ہال میں منعقدہ تقریب میں شہدادپور کی تاجر برادری، شہری رہنما اور حیسکو کے سینئر افسران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جاوید قریشی نے کہا کہ پورے سندھ میں جس طرح زیرو لوڈشیڈنگ فیڈرز اور ایکسپریس فیڈرز قائم کیے جا رہے ہیں، وہ عوام دوست اور قابل تحسین اقدام ہے اور تاجر برادری اس پر حیسکو حکام کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ امید ہے کہ شہدادپور کے باقی فیڈرز کو بھی جلد ایکسپریس فیڈر بنایا جائے تاکہ پورا شہر بلاتعطل بجلی سے مستفید ہو سکے۔ اس پر حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے تاجروں کی درخواست پر فوری یقین دہانی کراتے ہوئے اعلان کیا کہ وہ جلد ہی دیگر فیڈرز کو بھی ایکسپریس فیڈر اور زیرو لوڈشیڈنگ فیڈر پر منتقل کرنے کے اقدامات کریں گے۔ تقریب میں حیسکو کے سینئر افسران میں شامل تھے۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

ہائیڈل منافع (این ایچ پی) 108.814 ارب روپے (خیبر پختونخوا: 64.550 ارب؛ پنجاب: 44.264 ارب)؛ (iii) ہائیڈرو الیکٹرک بقایاجات 81.272 ارب روپے۔ واپڈا کے مطابق غیرادا شدہ بقایاجات کے ایجنگ تجزیے سے ظاہر ہوتا ہے کہ سی پی پی اے۔جی اس وقت صرف دسمبر 2024 کے واپڈا کے ہائیڈرو الیکٹرک انوائسز کے عوض ادائیگی کر رہا ہے، جس کی وجہ سے 10 ماہ کا واجب الادا بلنگ کا فرق باقی ہے۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

حوالے سے ہونے والی گفتگو میں سہولت بھی فراہم کی۔ انہوں نے بتایا کہ اس سلسلے میں تقریباً 100 ملاقاتیں ہوئیں جن میں 30 سے زائد اداروں نے شرکت کی اور رپورٹ میں سات موضوعات شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک تکنیکی رپورٹ ہے اور اس کا مقصد ادارہ جاتی اصلاحات کی طرف بڑھنا ہے، جیسا کہ ہم اس وقت ساختی اصلاحات سے گزر رہے ہیں۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

آر او 2335(I)/ 2025 مورخہ یکم دسمبر 2025) کے ذریعے اعلان کیا گیا، جس کے بعد اسٹیٹ بینک نے تمام بینکوں کو سرچارج کی وصولی روکنے کی ہدایت دی۔ اسٹیٹ بینک نے فارن ایکسچینج میں مجاز ڈیلرز کے صدور اور چیف ایگزیکٹوز کو جاری سرکلر میں تصدیق کی کہ ای ڈی ایس کی وصولی سے متعلق پہلے جاری تمام ہدایات اب منسوخ ہوچکی ہیں۔ اس سے قبل یہ ہدایات ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 02 مورخہ 22 جنوری 2003 اور ایف ڈی سرکلر لیٹر نمبر 03 مورخہ 20 اپریل 2023 کے ذریعے جاری کی گئی تھیں۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

کرنے میں مدد دے گی جس سے ملازمین پر نظر رکھی جا سکے گی۔ کمپنیاں اس فیچر کو اندرونی تحقیقات یا ایچ ا؟ ر تنازعات کی غرض سے تمام بزنس کمیونیکیشنز کی نگرانی کے لیے متعارف کرا سکتی ہیں۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

لیے حکومتی کوششوں کا ایک اہم حصہ ہے اور نجی شعبے کی سفارشات کا جائزہ لے کر ان پر عمل درآمد کی حکمت عملی تیار کرے گا۔ وزیراعظم نے زور دیا کہ کمیٹی ایک حقیقت پسندانہ ایکشن پلان مرتب کرے گی جو نجی شعبے کی تمام سفارشات کے جامع تجزیے پر مبنی ہوگا۔ لندن سے واپسی کے فوراً بعد ہونے والی ملاقات میں وزیراعظم نے حکومت کی بنیادی ترجیحات واضح کیں جن میں برآمدات پر مبنی ترقی اور کاروباری ماحول کی بہتری شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی کا کام نجی شعبے کی تفصیلی تجاویز کو ایسے عملی اقدامات میں ڈھالنا ہے جو معیشت کے لیے ٹھوس نتائج دے سکیں۔ وزیراعظم نے مسابقتی کاروباری ماحول کے فروغ کے حکومتی عزم کو دہراتے ہوئے کہا کہ حکومت معاشی ترقی کے لیے عملی اور سوچے سمجھے اقدامات کر رہی ہے، جن کی بنیاد برآمدات میں اضافہ ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کاروباری رہنما اور سرمایہ کار ملک کے معاشی مستقبل کی تشکیل میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

پاکستانی حکومت کو باضابطہ خط بھی ارسال کیا ہے۔ تھائی حکومت کا کہنا ہے کہ میانمار میں مزید 60 پاکستانی ایک شیلٹر ہاؤس میں موجود ہیں، جو مختلف فراڈ سینٹرز سے فرار ہو کر وہاں پہنچے تھے۔ حکام نے پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈی پورٹ ہونے والے افراد سے تفصیلی تفتیش کی جائے اور انسانی اسمگلنگ میں ملوث ایجنٹوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ اس کے علاوہ تھائی حکومت نے واپس آنے والے پاکستانیوں کے نام پانچ سال کے لیے ایگزٹ کنٹرول لسٹ (ECL) میں ڈالنے کی سفارش بھی کی ہے۔ ایف آئی اے کے مطابق تھائی لینڈ، میانمار اور کمبوڈیا آن لائن فراڈ کے بڑے مراکز بن چکے ہیں، جہاں فراڈ سینٹرز چلانے والے گروہ آن لائن نوکریوں اور ورک ویزوں کا لالچ دے کر نوجوانوں کو بیرون ممالک بلاتے ہیں۔ ایف آئی اے کا کہنا ہے کہ ان ممالک میں جانے والے پاکستانی نوجوانوں کو قید کرکے غیر قانونی کام کرایا جاتا ہے، لہٰذا عوام ایسے دھوکے باز اشتہارات اور جعلی ویزوں کے جال میں نہ پھنسیں۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

ہیں بلکہ ادارے کے عمومی نظم ونسق کی کمزوریوں کی نشاندہی بھی کرتی ہیں۔ دوسری جانب ذرائع کے مطابق یونان کشتی حادثے میں 400 سے زائد پاکستانی اپنے مستقبل کے سنہرے خوابوں سمیت سمندر برد ہوگئے تھے،، کے حوالے سے ڈھائی برس سے جاری انکوائریوں اور تحقیقاتی کمیٹیوں کی رپورٹس پر اب ڈپٹی ڈائریکٹرز سمیت متعدد افسران نوکریوں سے برطرف کر دیے گئے ہیں جبکہ گزشتہ دو برس کی کارروائیوں میں اب تک مجموعی طور پر 100 سے زائد ماتحت افسران کو بھی برطرف کیا جا چکا ہے۔

بقیہ 50 تجارت نیوز

(خصوصاً نوجوانوں) کے مطابق درج کی جائے گی۔ یہ تبدیلیاں عالمی بینک کی مالی سال 2024 تا 2030 کارپوریٹ اسکورکارڈ حکمت عملی کے مطابق کی جارہی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ان ترامیم سے نتائج میں ہم آہنگی پیدا ہوگی، ڈیٹا کے تجزیے میں بہتری آئے گی اور منصوبے کی رپورٹنگ عالمی بینک کے کارپوریٹ اہداف سے مطابقت اختیار کرے گی، جن میں 2030 تک 50 کروڑ غریب اور کمزور افراد اور 25 کروڑ خواتین تک سماجی تحفظ کے پروگراموں کی رسائی شامل ہے۔

کراچی: آئی بی سی سی کے اجلاس میں مختلف بورڈز کے چیئرمین شریک ہیں

جرمنی سے کراچی آئے پارسل سے 30 کروڑ روپے مالیت کی نشہ آور گولیاں برآمد

نشہ آور گولیاں اسپیکرز اور ہیلمٹس میں چھپائی گئی تھیں، اس کھیپ کو غلط طور پر کپڑے، جرابیں اور میوزک باکسز کے طور پر ظاہر کیا گیا تھا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کسٹمز نے کراچی انٹرنیشنل میل آفس کے ذریعے تقریباً 30 کروڑ روپے مالیت کی نشہ آور گولیوں کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ ایف بی آر کے مطابق کلکٹوریٹ آف کسٹمز ایئرپورٹس کراچی کے ایئرپورٹ کارگو کنٹرول یونٹ (اے سی سی یو) کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23)

بھارت: 500 سے زائد پروازیں متاثر؛ طیاروں کی قطاریں لگ گئیں

مکمل اور شیڈول کے مطابق پروازوں کی بحالی 10 فروری تک ممکن ہو پائے گی، انڈیگو

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کی معروف ایئرلائن انڈیگو کی 500 سے زائد پروازیں معطل ہونے سے ایئرپورٹس پر افراتفری مچ گئی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق دہلی سے تمام فلائٹس بغیر کوئی وجہ بتائے آدھی رات کو منسوخ کی گئیں جس سے فضائی آپریشنل کا شدید بحران (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

کورنگی: شہری سڑک کنارے لگے اسٹال سے گرم کپڑے خرید رہے ہیں

استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمدات حکومت کی جانب سے سخت اقدامات کا امکان

وزیراعظم کے خصوصی معاون برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان کی صدارت میں اجلاس ہوا، جس میں آٹو سیکٹر کے نمائندوں کے ساتھ تفصیلی مذاکرات کیے گئے

صنعتی نمائندوں نے حکومت کو سیکٹر کے سامنے موجود چیلنجز سے آگاہ اور خبردار کیا کہ استعمال شدہ گاڑیوں کی غیر منظم آمد و رفت سے مقامی پیداوار کی ترقی متاثر ہو سکتی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمدات کے حوالے سے سخت پالیسی کی طرف پیش رفت کا عندیہ دیا، وزیراعظم شہباز شریف نے حفاظتی معیار کو یقینی بنانے اور مقامی پیداوار کی حمایت کے لیے نئے فریم ورک کے نفاذ کی ہدایت کی ہے۔ یہ پیش رفت اس وقت سامنے آئی جب وزیراعظم کے خصوصی معاون برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان کی صدارت میں اجلاس ہوا، جس میں آٹو سیکٹر کے نمائندوں کے ساتھ تفصیلی مذاکرات کیے گئے۔ سیکریٹری انڈسٹریز سیف انجم اور انجینئرنگ ڈیولپمنٹ بورڈ (ای ڈی بی) کے سی ای او حماد منصور بھی اس اجلاس میں شریک تھے۔ صنعتی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

سانحہ نیپا افسران کے خلاف جانبدارانہ تادیبی کارروائی کا انکشاف

کمزور افسران معطل، طاقتوروں سے صرف چارج واپس لے لیا گیا، فرائض میں غفلت سے موت پر فوجداری مقدمہ بھی درج ہو سکتا ہے

سندھ گورنمنٹ رولز آف ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن 1973 کے تحت سنگین انکوائری شروع ہونے سے پہلے تمام متعلقہ افسران کو معطل کرنا لازمی ہوتا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سانحہ نیپا پر مخصوص افسران کے خلاف جانبدارتادیبی کارروائی کا انکشاف کمزور افسران معطل، طاقتوروں سے صرف چارج واپس لے لیا گیا۔ فرائض میں غفلت سے موت پر فوجداری مقدمہ بھی درج ہو سکتا ہے۔ نیپا چورنگی کے قریب تین سالہ ابراہیم کی کھلے مین ہول میں گر کر موت کے دلخراش واقعے کے بعد سندھ حکومت نے متعلقہ افسران کے خلاف کارروائی شروع کر دی ہے۔ تاہم ذرائع کا دعویٰ ہے کہ اس ضمن میں کیے جانے والے اقدامات سے سرکاری افسران کے مابین طاقت کے فرق کو واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔ جس کے باعث طاقت ور اور بااثر کیڈر افسران جن میں ڈپٹی کمشنر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

کراچی میں یخ بستہ ہوائیں، موسم سرد

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سردی کی شدت میں قدرے اضافہ محسوس کیا گیا، محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کی شمال مشرقی سمت سے چلنے والی ہواؤں کی زیادہ سے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

دنیا کے بہترین شہروں کی فہرست، پیرس کی پہلی پوزیشن

اس درجہ بندی کیلئے شہروں کو رہنے، گھومنے اور جینے کے معیار کو جانچا جاتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) دنیا کا بہترین شہر 2025 پیرس جب کہ ایشیا میں ٹوکیو رہا دنیا کے بہترین شہروں کی فہرست بنتی ہے تو ذہن میں فوراً سوال ابھرتا ہے آخر وہ کون سی خصوصیات ہیں جو کسی شہر کو ''بہترین'' بناتی ہیں۔ اس سوال کا جواب یورو مانیٹر انٹرنیشنل نے دیا جو دنیا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

یونی لیور پاکستان کا اکیڈمی اوانڈسٹری راؤنڈ ٹیبل کا انعقاد

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) یونی لیور پاکستان نے NOWPDP اور پاکستان بزنس کونسل کے اشتراک سے ''آپ لفٹنگ یو'' کے عنوان سے ایک راؤنڈ ٹیبل مذاکرے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

پاکستان میں پہلا نجی شعبہ ڈرون ٹیک ایکسپو کا انعقاد

اسلام آباد میں انعقاد، افتتاحی تقریب میں 50 سے زائد کمپنیوں نے شرکت کی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں پہلا نجی شعبہ ڈرون ٹیک ایکسپو کا انعقاد کیا گیا جس کے تحت نسٹ میں جدید بغیر پائلٹ طیارے ٹیکنالوجی کی نمائش کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اور ڈرون ٹیک ایکس کے تعاون سے پاکستان کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

53 کروڑ روپے فراڈ کیس؛ نادیہ حسین کے شوہر کو بڑا ریلیف مل گیا

اس کیس میں ملوث دیگر افراد کی عبوری ضمانتیں بھی برقرار رکھی گئی ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) معروف ماڈل اور اداکارہ نادیہ حسین کے شوہر عاطف خان کے 53 کروڑ روپے بینک فراڈ کیس میں بڑی پیشرفت سامنے آ گئی۔ سندھ ہائیکورٹ میں ہونے والی سماعت میں عاطف خان کی 10 لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کر لی۔ سماعت کے دوران عاطف خان کے وکلا نے مؤقف اختیار کیا تھا کہ ان کے مؤکل کا کیس میں براہِ راست کردار ثابت نہیں ہوتا۔ علاوہ ازیں اس کیس میں ملوث دیگر افراد کی عبوری ضمانتیں بھی برقرار رکھی گئی ہیں۔ نادیہ حسین کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

عمارت کی انہدامی کارروائی پر ہنگامہ 4 ایس بی سی اے اہلکار زخمی

کراچی ایڈمن سوسائٹی کے پلاٹ پر خلاف ضابطہ تعمیر ہونے والی تیسری منزل کیخلاف کارروائی کے دوران عملے پر کچھ افراد نے اسلحہ تان لیا

اسٹنٹ ڈائریکٹر کا سر پھاڑ دیا، ایس بی سی اے کے دیگر ملازمین پر تشدد کیا، سرکاری عملے کو مشتعل افراد نے انہدامی کارروائی کرنے نہیں دی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے محکمہ ڈیمالیشن کی ٹیم پر انہدامی کارروائی کے دوران حملہ کر دیا گیا، ایک افسر سمیت 4 ملازمین شدید زخمی ہو گئے، زخمی ملازمین کو اسپتال منتقل کر دیا گیا، ایس بی سی اے افسران و ملازمین کی بڑی تعداد اسپتال پہنچ گئی ایس بی سی اے کی ٹیم دوبارہ انہدامی کارروائی کے لیے پہنچی تو مشتعل افراد نے ایس بی سی اے ٹیم پر پولیس کے سامنے اسلحہ تان لیا، رات گئے تک صورتحال کشیدہ رہی، تفصیلات کے مطابق سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے محکمہ ڈیمالیشن نے کراچی ایڈمن سوسائٹی کے پلاٹ نمبر 190 پر تعمیر ہونے والی تیسری منزل جو خلاف ضابطہ تعمیر ہو رہی تھی اس کو مسمار کرنے کے لیے ٹیم پہنچی تو نامعلوم افراد نے ایس بی سی اے کی عملے پر تشدد شروع کر دیا، اسٹنٹ ڈائریکٹر فیاض مہر کا سر پھاڑ دیا جن کو تشویش ناک حالت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

حیدرآباد: شدید سردی کی لہر کے بعد کاتھ مارکیٹ سے شہری پرانے گرم کپڑے خرید رہے ہیں

کراچی کے الیکٹرک کے ذریعے ٹیکس کی وصولی سے آمدنی بڑھی، میئر

کراچی کے بنیادی ڈھانچے کی بحالی اور خدمت اولین مقصد ہے، پولیس سروس کے اسپیشلائزڈ ٹریننگ پروگرام کے وفد سے خطاب

کے الیکٹرک کے ذریعے ٹیکس وصولی سے آمدنی میں نمایاں اضافہ ہوا، کراچی کی بنیادی ترجیحات میں صاف پانی اور سیوریج سسٹم کی درستگی شامل ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ شہر کے انفرااسٹرکچر، اسٹریٹ لائٹس پلوں اور فلائی اوورز کی بہتری کے لیے جامع اقدامات تیزی سے جاری ہیں، کے ایم سی کی ٹیکس وصولی میں حالیہ بہتری کے حوصلہ افزا نتائج سامنے آئے ہیں جبکہ کے الیکٹرک کے ذریعے ٹیکس کی وصولی سے آمدنی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، کراچی کی بنیادی ترجیحات میں صاف پانی کی فراہمی اور سیوریج سسٹم کی درستی شامل ہے جن کے لیے موثر حکمت عملی کے تحت عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، یہ بات انھوں نے صدر دفتر بلدیہ عظمیٰ کراچی میں پولیس سروس 52 ویں اسپیشلائزڈ ٹریننگ پروگرام/ 28 ویں نیشنل کمانڈ کورس کے شرکا پر مشتمل وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر میونسپل کمشنر ایس ایم افضل زیدی، مشیر مالیات نگزار ابڑو، سینئر ڈائریکٹر کوآرڈی نیشن (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

شہر کی مزید 6 اہم شاہراہوں پر 2 اور 4 سیٹر رکشوں کے داخلے پر پابندی عائد

نوٹیفکیشن کے مطابق شہر میں رکشوں کی پابندی کا دائرہ بڑھا کر مجموعی طور پر 26 مرکزی شاہراہوں تک کر دیا گیا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) شہر کی مزید 6 اہم شاہراہوں پر 2 اور 4 سیٹر رکشوں کے داخلے پر پابندی عائد کر دی گئی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کراچی میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے کمشنر کراچی نے سیکشن 144 کے تحت پابندی نافذ کر دی۔ کمشنر کراچی کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق شہر میں رکشوں کی پابندی کا دائرہ بڑھا کر مجموعی طور پر 26 مرکزی شاہراہوں تک کر دیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

ابوظہبی کی لاجسٹکس کمپنی کا کراچی پورٹ پر بلک ہینڈلنگ سے تجارتی معاہدہ

لوئیس ڈریفس کمپنی پاکستان، عالمی سطح پر زرعی مصنوعات کی پروسیسنگ اور تجارت کرنے والی کمپنی ایل ڈی سی کی ذیلی کمپنی ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ابوظہبی کی لاجسٹکس کمپنی اے ڈی پورٹس گروپ نے جمعے کو اعلان کیا کہ کراچی گیٹ وے ٹرمینل ملٹی پرپز لمیٹڈ (کے جی ٹی ایم ایل)، جو نوٹم پورٹس کا حصہ ہے، ای ڈی پورٹس گروپ کے بین الاقوامی بندرگاہوں کا آپریٹنگ بازو اور لوئیس ڈریفس کمپنی پاکستان (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

کراچی: داؤد انجینئرنگ یونیورسٹی کے مرکزی دروازے کے قریب گٹر کا ڈھکن غائب ہے جو کسی بھی بڑے حادثے کا سبب بن سکتا ہے

حکومت بیلنس آف پیمنٹس اور کرنٹ اکاؤنٹ پر گہری نظر رکھے گی، محمد اورنگزیب

جہاں بھی مالیاتی گنجائش دستیاب ہوگی، ٹیکس پالیسیاں ہموار کرتے ہوئے دستاویزی شعبے پر ٹیکس میں کمی کی جائے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت ملکی معیشت میں پائیدار ترقی کو یقینی بنانے کے لیے بیلنس آف پیمنٹس اور کرنٹ اکاؤنٹ پر گہری نظر رکھے گی تاہم جہاں بھی مالیاتی گنجائش دستیاب ہوگی، ٹیکس پالیسیاں ہموار کرتے ہوئے دستاویزی شعبے پر ٹیکس میں کمی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے ٹیکس پالیسی آفس کو مکمل طور پر فعال کر دیا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

PIA کی نجکاری، بولی قومی ٹیلی وژن پر براہِ راست نشر کیا جائے گا، شہباز شریف

جو بھی اس کا چارج سنبھالے گا اس پر ائیرلائن کی شہرت بحال کرنے اور اس کی ترقی پر توجہ دینے کی ذمہ داری ہوگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی نجکاری میں مکمل شفافیت اور میرٹ یقینی بنانے کی یقین دہانی کراتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ 23 دسمبر کو ہونے والا بولی کا عمل قومی ٹیلی وژن پر براہِ راست نشر کیا جائے گا۔ وہ پی آئی اے کی نجکاری کے عمل میں شریک تمام بزنس لیڈرز اور کمپنیوں کے ساتھ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہوا جس میں وفاقی وزراء ڈ محمد اسحاق ڈار، احسن اقبال، محمد اورنگزیب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

کراچی: گذدر آباد تاریخی حسن علی ہوتی گوشت مارکیٹ کی تزئین و آرائش کا کام جاری ہے

حکومت نے پاکستان منرلز ڈیولپمنٹ کارپوریشن کو فعال نجکاری پروگرام میں شامل کر لیا

پرائیویٹائزیشن کمیشن بورڈ نے سرکاری اداروں (ایس اوایز) کے جائزے کے دوران اس کی شمولیت کی منظوری دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اطلاعات کے مطابق حکومت نے پاکستان منرلز ڈیولپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) کو فعال نجکاری پروگرام میں شامل کر لیا ہے، قبل ازیں پرائیویٹائزیشن کمیشن بورڈ نے سرکاری اداروں (ایس اوایز) کے جائزے کے دوران اس کی شمولیت کی منظوری دی۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

970 ملین ڈالرز کے سماجی تحفظ پروگرام میں اہم تبدیلی کا فیصلہ

ترامیم سے نتائج میں ہم آہنگی پیدا ہوگی، ڈیٹا کے تجزیے میں بہتری آئے گی اور منصوبے کی رپورٹنگ عالمی بینک کے کارپوریٹ اہداف سے مطابقت اختیار کرے گی

یہ پروگرام اپنی چار سالہ کارکردگی کے دوران مضبوط پیش رفت دکھا چکا ہے، عالمی بینک کے ریکارڈ کے مطابق اب تک 704.44 ملین ڈالر جاری کیے جا چکے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے بڑے سماجی تحفظ پروگرام کرائسز ریزیلینٹ سوشل پروٹیکشن (سی آر ایس پی) جس کی مالیت 970 ملین امریکی ڈالر ہے، میں اہم تبدیلی کا فیصلہ کیا گیا ہے، کیونکہ عالمی بینک نے پروگرام کی دوسری ری اسٹرکچرنگ کی منظوری دے دی ہے۔ اس عمل کا مقصد پروگرام کو عالمی بینک کے نئے کارپوریٹ اسکور کارڈ کے ساتھ ہم آہنگ کرنا اور سماجی تحفظ کے نیٹ سے فائدہ اٹھانے والے افراد کی رپورٹنگ کو مزید بہتر بنانا ہے۔ ری اسٹرکچرنگ کے تحت پروگرام کے نتائج کے فریم ورک کو فرد کی سطح تک منتقل کیا جائے گا، جس میں فائدہ اٹھانے والوں کی تفصیل صنف اور عمر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 50)

کراچی شہر میں داخل ہونیوالی انٹرسٹی بسوں کے ای چالان

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) شہر کے اندر داخل ہونے والی تمام انٹرسٹی بسوں کے خلاف ای ٹکٹ جاری کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا، ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق وہ تمام انٹرسٹی بسیں جو سہراب گوٹھ بس ٹرمینل یا کراچی بس ٹرمینل کے قواعد کے خلاف ورزی کرتے ہوئے برادر است شہر میں داخل ہوتی ہیں ان کے خلاف ای ٹکٹ جاری کیا جا رہا ہے اور سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی خلاف ورزی کرنے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے پی ٹی سی ایل کو ٹیلی نار پاکستان کے حصول کی مشروط منظوری دے دی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے ٹیلی کام شعبے کی صورت حال کو نئے انداز میں تشکیل دینے کی جانب ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) کو ٹیلی نار پاکستان کے حصول کی مشروط منظوری دے دی ہے۔ یہ فیصلہ ٹیلی کام سیکٹر کی سب سے زیادہ زیر بحث اور متوقع ڈیلز میں سے ایک میں اہم سنگِ میل ثابت ہوا ہے۔ حکام (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

یونان کشتی حادثہ، ایف ائی اے کے سوسے زائد افسران اور اہلکار برطرف کر دیے گئے

سیکرٹری داخلہ انسداد منشیات نے کراچی، فیصل اباد اور ملتان ایئرپورٹس پر افسران کو برطرف اور سزائیں نافذ کی ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) یونان کشتی حادثے کے بعد ایف ائی اے میں جاری محکمانہ احتسابی کارروائی نے ادارے کی اندرونی کمزوریوں اور غفلت کو بے نقاب کر دیا ہے۔ سیکرٹری داخلہ انسداد منشیات نے کراچی، فیصل اباد اور ملتان ایئرپورٹس پر تعینات متعدد افسران اور اہلکاروں کو برطرف کرنے سمیت دیگر سزائیں نافذ کی ہیں، جو نہ صرف افسران کی پیشہ ورانہ غفلت کا منہ بولتا ثبوت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

میانمار میں آن لائن فراڈ سینٹرز کیخلاف کارروائی، 38 پاکستانیوں سمیت سیکڑوں غیر ملکیوں کی بازیابی

میانمار میں مزید 60 پاکستانی ایک شیلٹر ہاؤس میں موجود ہیں، جو مختلف فراڈ سینٹرز سے فرار ہو کر وہاں پہنچے تھے، تھائی حکومت

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) میانمار میں آن لائن فراڈ سینٹرز کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کے دوران مقامی فوج نے 38 پاکستانیوں سمیت سیکڑوں غیر ملکی شہریوں کو بازیاب کرا لیا ہے۔ حکام کے مطابق یہ افراد مختلف آن لائن فراڈ ڈیٹ ورکس میں زبردستی کام پر مجبور کیے جا رہے تھے۔ تھائی آرمی نے میانمار سرحد عبور کر کے 38 پاکستانی شہریوں کو ریسکیو کیا اور انہیں بنکاک امیگریشن سینٹر منتقل کر دیا جہاں سے انہیں مرحلہ وار پاکستان ڈی پورٹ کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں تھائی حکام نے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

جٹ لائن میں بلدیاتی اداروں کی نااہلی سے سڑک پر جمع پانی سے گاڑیاں گزر رہی ہیں

آئی ایم ایف کی جاری کردہ حالیہ رپورٹ وفاقی حکومت کی ہی درخواست پر تیار کی گئی، محمد اورنگزیب

اس سلسلے میں تقریباً 100 ملاقاتیں ہوئیں جن میں 30 سے زائد اداروں نے شرکت کی اور رپورٹ میں سات موضوعات شامل ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کے بارے میں بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی جاری کردہ حالیہ رپورٹ وفاقی حکومت کی ہی درخواست پر تیار کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ رپورٹ ہم نے شروع کروائی تھی اور اس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

وزیراعظم نے ملک کے معاشی مستقبل کو نئی سمت دینے کے لیے بااختیار کمیٹی تشکیل دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک کے معاشی مستقبل کو نئی سمت دینے کے لیے ایک فیصلہ کن قدم اٹھاتے ہوئے ایک بااختیار کمیٹی تشکیل دی ہے، جس کی قیادت وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کر رہے ہیں۔ اس کمیٹی کا مقصد نجی شعبے کی تجاویز کو عملی اصلاحات میں تبدیل کرنا ہے، خصوصاً ٹیکس نظام کی ازسرِ نو تشکیل پر خصوصی توجہ دینی ہے۔ وزیر خزانہ کی سربراہی میں قائم یہ پینل معیشت کی بحالی کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

اب باسز اپنے ملازمین کے میسجز پڑھ سکیں گے

آر سی ایس میسجز کیلئے یہ نیا فیچر کمپنیوں کو ملازمین کے زیر استعمال ڈیوائسز کی نگرانی کرنے کی سہولت دے گا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) گوگل کے اینڈرائیڈ آپریٹنگ سسٹم میں ایک اپ ڈیٹ متعارف کرائی گئی ہے جس کے بعد مالکان ملازمین کے ٹیکسٹ میسجز میں دراندازی کرتے ہوئے انہیں پڑھ سکیں گے۔ آر سی ایس (رچ آرکائیول کمیونیکیشن سروسز، اینڈرائیڈ کے ایس ایم ایس میسجز کا اپ گریڈ ورژن جو تصاویر اور ویڈیوز کو سپورٹ کرتا ہے) میسجز کے لیے یہ نیا فیچر کمپنیوں کو ملازمین کے زیر استعمال ڈیوائسز کی نگرانی کرنے کی سہولت دے گا۔ گوگل کا کہنا تھا کہ یہ اپ ڈیٹ مالکان کو بلاتعطل وہ ریکارڈ حاصل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

شہداد پور، سوسائٹی فیڈر کو زیرو لوڈ شیڈنگ کرتے ہوئے ایکسپریس فیڈر قرار دے دیا گیا

صدر آل پاکستان انجمن تاجران سندھ جاوید قریشی اور حیسکو حکام کے درمیان ایم او یو سائن

شہداد پور (کامرس رپورٹر) شہداد پور کے شہریوں اور تاجروں کے لیے خوشخبری ہے کہ حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری کی جانب سے شہداد پور سوسائٹی فیڈر کو زیرو لوڈ شیڈنگ کرتے ہوئے ایکسپریس فیڈر قرار دے دیا گیا۔ اس موقع پر صدر آل پاکستان انجمن تاجران سندھ جاوید قریشی اور حیسکو کے سینئر افسران کے درمیان تاریخی ایم او یو (یادداشتِ تفاہم) بھی سائن ہوا، جس میں مزید فیڈرز کو زیرو (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

نیٹ ہائیڈل منافع واپڈا نے ماہانہ 17 ارب روپے مانگ لیے

واپڈا کے ممبر فنانس نے کہا کہ 31 اکتوبر 2025 تک واپڈا کے ہائیڈرو الیکٹرک واجبات 232.954 ارب روپے تک پہنچ گئے ہیں

سی پی پی اے-جی کی طرف سے غیر مستقل فنڈز کے اجراء کے باوجود واپڈا نے حکومتِ خیبر پختونخوا کو 36 ارب روپے بطور این ایچ پی ادا کیے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) واٹر اینڈ پاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (واپڈا) نے سنٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی گارنٹیڈ (سی پی پی اے-جی) سے درخواست کی ہے کہ وہ خیبر پختونخوا اور پنجاب کی صوبائی حکومتوں کو نیٹ ہائیڈل پرافٹ (این ایچ پی) کی ادائیگی کے لیے ماہانہ 17 ارب روپے جاری کرے۔ سی پی پی اے-جی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کے خط کے جواب میں واپڈا کے ممبر فنانس نے کہا کہ 31 اکتوبر 2025 تک واپڈا کے ہائیڈرو الیکٹرک واجبات 232.954 ارب روپے تک پہنچ گئے ہیں۔ تفصیل درج ذیل ہے: (i) توانائی واجبات 42.868 ارب روپے؛ (ii) صوبوں کو ادا کیے جانے والے نیٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

SSP ڈاکٹر فرخ بچے کی لاش نکالنے والے نوجوان تنویر اور اس کے والد کو ہار پہنا رہے ہیں

غیر قانونی پارکنگ کرنیوالوں کو بھی ای چالان جاری ہونگے، ٹریفک

صدر میں 22 تجارتی عمارتوں کے تہہ خانوں کی پارکنگ سے تجاوزات ختم کر کے پارکنگ کیلئے خالی کرالی گئی ہیں، ڈی سی جنوبی

20 مخدوش بالائی گزرگاہوں کی مرمت جلد شروع ہوگی، گداگروں اور سڑک کنارے ہوٹلوں کیخلاف مہم تیز کی جائے، کمشنر کراچی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیر صدارت ٹریفک مسائل کے حل کے لیے اقدامات کا جائزہ اجلاس ہوا اجلاس میں ڈی آئی جی ٹریفک پیر محمد شاہ، میونسپل کمشنر بلدیہ عظمیٰ افضل زیدی، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ٹرانسپورٹ کے افسران اور دیگر نے شرکت کی کمشنر کراچی حسن نقوی نے کہا کہ ٹریفک کے بڑھتے مسائل پر قابو پانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مربوط کوششوں کی ضرورت ہے، ڈی آئی جی ٹریفک پیر محمد شاہ نے بتایا کہ سڑکوں پر ٹریفک مسائل کا سبب بننے والی غیر قانونی پارکنگ کے ای چالان کیے جائیں گے اس سلسلے میں ٹریفک پولیس نے جامع منصوبہ بندی مکمل کر لی ہے اجلاس میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

ایڈز آگاہی واک میں شریک طالبات پوسٹرز لئے شاہراہ سے گزر رہی ہیں

تجارت نیوز
میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے،
جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس
اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں
اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں
info@tijaratnews.tv
0307-0610770

ایڈیٹر محمد صغیر نے قیوم پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا